ABC CERTIFIED

وفاقی دارالحکومت سے شائع ہونیوالا مقبول و کثیرالاشاعت قومی اخبار

Daily SHEHAR NAMA Islamabad

روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد

ایڈیٹر راجہ جاوید اختر

جوائنٹ ایڈیٹر اسامہ امتیاز عباسی

جلد نمبر 06 | منگل یکم ستمبر 2026ء، 18 ربیع الاول 1448ھ | صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 355

فون: 0333-5196088 | Email:sheharnama@gmail.com | Web:www.sheharnama.com

اسلام آباد نیا صوبہ نیا نظام، بااختیار چیف ایگزیکٹو، فیصلہ کن مرحلہ

اسلام آباد گورننس ریفارمز پر مشاورتی اجلاس آج، دارالحکومت کے انتظامی ڈھانچے میں بڑی تبدیلیوں کا امکان، گورننس ریفارمز پر اہم مشاورت ہوگی

اسلام آباد کو صوبائی طرز کے اختیارات دینے کی تجاویز زیر غور منتخب اسمبلی اور بااختیار مقامی حکومت کے قیام پر مشاورت

اسلام آباد (راجہ جاوید اختر+نمائندہ خصوصی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال کی زیر صدارت آج اسلام آباد کیپیٹل ٹیریٹری (ICT) گورننس ریفارمز کے حوالے سے ایک اہم مشاورتی اجلاس منعقد ہو رہا ہے، جس میں ملک بھر سے سینئر صحافی، اینکرز، ایڈیٹرز اور بیورو چیفس کو شرکت کی دعوت دی گئی ہے۔ اجلاس میں وفاقی دارالحکومت کے مستقبل کے انتظامی نظام، عوامی نمائندگی، اختیارات کی نچلی سطح تک منتقلی اور اسلام آباد کو بااختیار انتظامی اکائی بنانے سے متعلق تجاویز پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔ حکومتی حلقوں کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف کی ہدایت پر قائم اعلیٰ سطحی کمیٹی گزشتہ دو برس سے اسلام آباد کے گورننس ماڈل پر کام کر رہی ہے۔ مجوزہ اصلاحات کے تحت اسلام آباد میں ایک منتخب اسمبلی، بااختیار چیف ایگزیکٹو یا وزیر اعلیٰ نما نظام، اور صحت، تعلیم، ماحولیات، سماجی بہبود اور ڈیجیٹل گورننس سمیت مختلف شعبوں کے لیے خود مختار اداروں کے قیام کی سفارشات زیر غور ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ مجوزہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 62)

بشکیک، وزیراعظم شہباز شریف سے ایرانی صدر مسعود پزشکیان مصافحہ کر رہے ہیں

سی ڈی اے ٹیم کا کریک ڈاؤن، فائر سیفٹی کا ناقص انتظام، پمز سمیت 48 ہسپتالوں پر 1 کروڑ کے جرمانے

پمز، پولی کلینک اور کیپیٹل اسپتال کو 5،5 لاکھ روپے، اسلام آباد کے بڑے المعروف اسپتال کو بھی 5 لاکھ کا جرمانہ عائد کیا گیا

اسپتالوں میں فائر ڈیٹیکشن، الارم، ایمرجنسی ایگزٹ اور فائر فائٹنگ نظام میں سنگین خامیوں سامنے آئیں، ذرائع

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) پمز سانحے کے بعد وفاقی دارالحکومت کے اسپتالوں کے خلاف بڑا کریک ڈاؤن کیا گیا اور 48 اسپتالوں و نجی مراکز پر فائر سیفٹی عملدرآمد پر 1 کروڑ کے جرمانے عائد کر دیے گئے۔ رپورٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

اسلام آباد ہیلتھ کیئر ریگولیٹری اتھارٹی کے چیئرمین ڈاکٹر ریاض کا استعفیٰ منظور

اسلام آباد (آئی این پی) اسلام آباد ہیلتھ کیئر ریگولیٹری اتھارٹی کے چیئرمین ڈاکٹر محمد ریاض شہباز جنجوعہ کا استعفیٰ منظور کر لیا گیا، وفاقی وزارت صحت نے استعفے کی منظوری کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

ایران نے اردن میں 2 امریکی اڈوں پر میزائل داغ دیئے

جنگی طیاروں کی تعیناتی کے مقامات کو نقصان پہنچا، ایرانی پاسداران انقلاب

تہران (صباح نیوز) ایران نے امریکا کی جانب سے لارک آئی لینڈ پر حملے کے بعد اردن میں موجود دو امریکی فوجی اڈوں کو میزائلوں سے نشانہ بنانے کا دعویٰ کیا ہے۔ یہ حالیہ ہفتوں کے بعد امریکا اور ایران کے درمیان براہِ راست فوجی جھڑپوں کی نئی کڑی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

تاجر قوم نے 3 ستمبر ہڑتال کی حمایت کر دی، بندوق اور طاقت سے پرامن عوامی جدوجہد روکنے والی نہیں، حافظ نعیم

ملک میں امیر، امیر تر اور غریب، غریب تر ہوتا جا رہا ہے، عوام ٹیکسوں کے بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں

تاجروں، صنعتکاروں سے ملاقات، امیر جماعت اسلامی کا پشاور دھرنا کے سولھویں روز مظاہرین سے خطاب

پشاور (بیورو رپورٹ) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ 3 ستمبر کی ملک گیر ہڑتال مہنگائی سے پسے عوام کی جانب سے ہے، اس روز کوئی دکان نہیں کھلنی چاہیے، حکومت نے مطالبات تسلیم نہ کیے تو جماعت اسلامی اسلام آباد کی جانب لانگ مارچ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 61)

مکہ دفاعی معاہدے کا پہلا اجلاس، دفاعی تعاون مزید مضبوط، سعودیہ میں سیکرٹریٹ قائم کرنے پر اتفاق

مکہ معاہدِ دفاع کے اصول پر مبنی، اجلاس کا مقصد علاقائی استحکام اور امن کو فروغ دینا ہے، اجلاس میں لیے گئے فیصلے نتیجہ خیز ثابت ہوں گے، ترک وزیر خارجہ

تینوں ممالک نے اجتماعی دفاع اور اور مؤثریت مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار کیا، سعودی عرب میں سیکریٹری جنرل کی سربراہی میں سیکریٹریٹ قائم کیا جائے گا

استنبول (اسپیشل رپورٹر) مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت پہلا اجلاس منعقد ہوا جس میں پاکستان، سعودیہ اور ترکیہ کی قیادت نے شرکت کی، معاہدے کو ادارہ جاتی شکل بنانے اور ایک سیکریٹریٹ قائم کرنے پر اتفاق ہوا جس کا پہلا سربراہ تین سال کے لیے پاکستان سے ہوگا۔ ذرائع کے مطابق مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت قائم اسٹریٹجک سیاسی و دفاعی کمیٹی کا پہلا اجلاس آج استنبول میں منعقد ہوا جس میں پاکستان، سعودیہ اور ترکیہ کی سول و عسکری قیادت نے شرکت کی ترکیہ کی میزبانی میں اس اجلاس میں عالمی و علاقائی سلامتی کے امور اور تینوں ممالک کی دفاعی صلاحیتوں کو مزید مضبوط بنانے پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں تینوں ممالک کی مسلح (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 66)

استنبول، مکہ مشترکہ معاہدہ بارے اجلاس کے بعد سعودیہ، پاکستان اور ترک وزرائے خارجہ، فیلڈ مارشل عاصم منیر، وزیر دفاع کا گروپ فوٹو

بشکیک، فیلڈ مارشل عاصم منیر سے سعودی، ترکیہ کے وزیر خارجہ اور ترک وزیر دفاع ملاقات کر رہے

قائم مقام صدر یوسف رضا گیلانی سے اٹلی کے سفیر کی ملاقات

اسلام آباد (صباح نیوز) قائم مقام صدر سید یوسف رضا گیلانی نے پاکستان اور اٹلی کے تعلقات کو مزید مضبوط بنانے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 63)

ترکیہ کا یوم فتح، آئی ایس پی آر کا پاک ترک دوستی کے جذبے سے بھرپور نغمہ جاری

اسلام آباد (صباح نیوز) ترکیہ کے 104ویں یوم فتح کے موقع پر آئی ایس پی آر نے پاک ترک دوستی کے جذبے سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 64)

معیشت کو بیرونی امداد سے تجارت اور سرمایہ کاری پر منتقل کر رہے ہیں، وزیر خزانہ

عالمی مالیاتی اداروں اور کاروباری برادری سے تعاون مزید بڑھانا ہوگا، معاشی ترقی کیلئے حکومت اور نجی شعبے کا اشتراک ناگزیر ہے

کاروبار کیلئے سازگار ماحول پیدا کرنا حکومت کی ترجیح، مالیاتی اداروں اور تاجر برادری سے تعاون بڑھانا ہوگا، محمد اورنگزیب

اسلام آباد، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب ایکسپورٹ امپورٹ بینک میں معاہدہ کے موقع پر موجود ہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان کی معیشت کو بیرونی امداد سے تجارت اور سرمایہ کاری کی جانب لے جا رہے ہیں۔ وفاقی دارالحکومت میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے محمد اورنگزیب نے کہا کہ معاشی ترقی کے لیے حکومت اور نجی شعبے کا اشتراک ناگزیر ہے۔ معاشی ترقی کا عمل سرمایہ کاری اور کاروباری سرگرمیوں کے فروغ سے جڑا ہے۔ معاشی ترقی کے ثمرات عوام تک پہنچانے کے لیے مشترکہ کوششیں ضروری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

انگلینڈ کیخلاف ناقص کارکردگی، 7 کھلاڑی ٹیسٹ سکواڈ سے ریلیز

محمد رضوان، امام الحق، سلمان آغا شامل، 5 کھلاڑیوں کا ٹیسٹ ڈیبیو ہوگا

لاہور (اسپیشل رپورٹر) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے آج لارڈز ٹیسٹ مکمل ہونے کے بعد ٹیسٹ اسکواڈ سے سات کھلاڑیوں کو ریلیز کرنے کا اعلان کیا ہے۔ ریلیز کیے جانے والے کھلاڑیوں میں محمد رضوان، امام الحق، سلمان علی آغا، علی عثمان، عامر جمال، محمد اویس ظفر اور خرم شہزاد شامل ہیں۔ ان کی جگہ مجموعی طور پر سات کھلاڑیوں کو اسکواڈ میں شامل کیا گیا ہے، جن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 65)

اسلام آباد، صدر آصف زرداری قازقستانی ہم منصب سے ملاقات کر رہے ہیں

بجلی طلب میں اضافے کے باعث لوڈ مینجمنٹ کرنا پڑی، عوام سے معذرت، اویس لغاری

بجلی چوری والے علاقوں میں اضافی لوڈ شیڈنگ ہو رہی ہے، قطر سے گیس کے مسئلے کو جلد از جلد حل کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے

گیس کمی کے باعث بجلی پیداوار متاثر ہوئی، رات کے اوقات میں بجلی کی لوڈ شیڈنگ پر عوام سے معذرت خواہ ہیں، وزیر توانائی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر توانائی اویس لغاری نے رات کے اوقات میں بجلی کی لوڈ شیڈنگ پر عوام سے معذرت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بجلی کی طلب میں اضافے کے باعث لوڈ مینجمنٹ کرنا پڑی۔ وفاقی دارالحکومت میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اویس لغاری کا کہنا تھا کہ گیس کی کمی کے باعث بجلی کی پیداوار متاثر ہوئی، جبکہ رات کے اوقات میں بجلی کی طلب بڑھنے سے لوڈ مینجمنٹ کی گئی۔ انہوں نے عوام کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

عوام کو 130 ارب روپے کا ریلیف دیا، علی پرویز ملک

عالمی توانائی منڈیوں میں سپلائی اور قیمتوں کے حوالے سے شدید چیلنجز سامنے آئے

اسلام آباد (صباح نیوز) وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ حکومت نے عوام کو عالمی سطح پر توانائی کی قیمتوں میں اضافے کے اثرات سے بچانے کے لیے پیٹرولیم مصنوعات پر 130 ارب روپے کی سبسڈی فراہم کی۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ گزشتہ 6 ماہ کے دوران خطے کی صورتحال کے باعث عالمی توانائی منڈیوں میں سپلائی اور قیمتوں کے حوالے سے شدید چیلنجز سامنے آئے تاہم حکومت نے عوام کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

پنجاب اسمبلی ارکان کی حاضری رپورٹ وزیر اعلیٰ کو ارسال

لاہور (آئی این پی) پنجاب میں حکمران جماعت نے پنجاب اسمبلی میں کورم برقرار رکھنے اور ارکان کی حاضری یقینی بنانے کے لیے نئی حکمت عملی تیار کر لی ہے جس کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

سانحہ پمز، جوڈیشل انکوائری کی درخواست، تحقیقاتی رپورٹ طلب

عدالت کا حکومت کو کارروائی کی تفصیلات اور درخواست پر جواب جمع کرانے کا حکم

اسلام آباد (صباح نیوز) سانحہ پمز پر جوڈیشل انکوائری کی درخواست پر اسلام آباد ہائیکورٹ نے تحقیقاتی رپورٹ طلب کر لی چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ سرفراز ڈوگر نے وکیل قاسم اقبال جلالی کی درخواست پر سماعت کی، سماعت کے دوران ایڈیشنل اٹارنی جنرل راشد حفیظ اور اسسٹنٹ اٹارنی جنرل عظمت بشیر تارڑ بھی عدالت میں پیش ہوئے۔ عدالت نے وزیراعظم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

سینیٹ قائمہ کمیٹی: درآمد شدہ موبائل فونز پر ٹیکس کم کرنے کی سفارش

کسٹمز حکام کو درآمد شدہ موبائل فونز پر ٹیکسز سے متعلق مؤثر میکنزم تیار کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (صباح نیوز) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے کابینہ سیکریٹریٹ نے درآمد شدہ موبائل فونز پر عائد ٹیکسز کے معاملے کا جائزہ لیتے ہوئے فوری طور پر ٹیکس کم کرنے کی سفارش کر دی۔ تفصیلات کے مطابق رانا محمود الحسن کی زیر صدارت سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے کابینہ سیکرٹریٹ کے اجلاس میں درآمد شدہ موبائل فونز کی قیمتوں کے تعین اور ٹیکسز کے طریقہ کار پر غور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

18 سال سے کم عمر لڑکی کی شادی غیر قانونی: لاہور ہائیکورٹ

شہری محمد اسلم کی درخواست پر تحریری فیصلہ جاری، تحقیقات کر کے کارروائی کا حکم

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) لاہور ہائیکورٹ نے کم عمر بچی کی شادی سے متعلق اہم فیصلہ جاری کرتے ہوئے قرار دیا ہے کہ پنجاب چائلڈ میرج ریسٹرینٹ ایکٹ 2026 کے تحت 18 سال سے کم عمر لڑکی کی شادی غیر قانونی ہے۔ عدالت نے کم عمر بچی کی شادی سے متعلق نئے شواہد سامنے آنے پر پولیس کو قانون کے مطابق تحقیقات کر کے کارروائی کا حکم دے دیا۔ جسٹس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

ہائیکورٹ، عمران طرز پر ریلیف کیلئے قیدیوں کی درخواستیں مسترد

کوئی اور ذریعہ دستیاب ہو تو درخواست پر غور کر سکتے ہیں، فیصلہ جاری

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اسلام آباد ہائیکورٹ نے تین قیدیوں کو سپریم کورٹ فیصلے کے مطابق ریلیف دینے کے کیس میں تین قیدیوں کی درخواستیں مسترد کر دیں۔ ہائیکورٹ نے اڈیالہ جیل میں قید تینوں قیدیوں کی درخواستیں مسترد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

سندھ کو تقریروں سے نہیں تقسیم کیا جا سکتا، مراد علی شاہ

کراچی (صباح نیوز) وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ ملک آئین کے تحت چلتا ہے، آئین کا پہلا صفحہ کہتا ہے کہ عوام فیصلہ کرے گی اور وہ اپنے منتخب نمائندوں کے ذریعے یہ فیصلہ کریں گے، کوئی تقریریں کر کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

سانحہ پمز، جوڈیشل انکوائری کی درخواست، حکومت سے جواب طلب

حکومت کی جانب سے قائم دونوں کمیٹیوں میں بیوروکریٹس شامل ہیں، قاسم جلالی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اسلام آباد ہائیکورٹ نے سانحہ پمز سے متعلق دائر درخواست پر حکومت سے وزیراعظم کو پیش کی گئی رپورٹ اور اس پر کارروائی کی تفصیلات طلب کرتے ہوئے وفاق کو کیس میں تفصیلی جواب جمع کرانے کا حکم دے دیا۔ چیف جسٹس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)

حکومت کا ایل این جی کا ایک اسپاٹ کارگو خریدنے کا فیصلہ

اسلام آباد (صباح نیوز) حکومت نے ملک میں گیس کی طلب پوری کرنے کے لیے لیکویفائیڈ نیچرل گیس (ایل این جی) کا ایک اسپاٹ کارگو خریدنے کا فیصلہ کر لیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 55)

اسلام آباد، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اسلام آباد، قائم مقام صدر یوسف رضا گیلانی سے اطالوی سفیر ملاقات کر رہے ہیں

قائداعظمؒ اور اقبالؒ کی 150 ویں، مغلیہ سلطنت کے قیام کی 500 ویں سالگرہ

خصوصی تقریبات منعقد کی جائیں، احسن اقبال

نوجوان نسل میں تاریخی شعور، تہذیبی ورثے اور قومی آگاہی کی مہم بنانے کی ہدایت



اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے قائداعظم محمد علی جناح اور علامہ محمد اقبالؒ کی 150 ویں سالگرہ اور مغلیہ سلطنت کے قیام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

پی ٹی آئی خود ساختہ قیادت نے چندہ مہم کا آغاز کیا، اکبر بابر

چندہ دینے، لینے والوں سے "منی بیک گارنٹی" کا بیان حلفی ضرور لینا چاہیے

اسلام آباد (آئی این پی) پی ٹی آئی کے بانی رہنما اکبر ایس بابر نے کہا ہے کہ 27 ستمبر کے لانگ مارچ کیلئے پی ٹی آئی کی خود ساختہ قیادت نے ایک نئی چندہ مہم کا آغاز کر دیا ہے۔ سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اکبر ایس بابر نے کہا کہ ماضی کے تلخ تجربات کو مدنظر رکھتے ہوئے چندہ دینے والوں کو چندہ لینے والوں سے "money back guarantee" کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

ورچوئل اثاثوں کی مارکیٹ 250 ارب ڈالر تک پہنچ گئی، بلال بن ثاقب

اسلام آباد (صباح نیوز) چیئرمین پاکستان ورچوئل اثاثہ ریگولیٹری اتھارٹی (PVARA) بلال بن ثاقب نے کہا ہے کہ پاکستان میں 4 کروڑ پاکستانیوں کے کرپٹو اکاؤنٹس ہیں، ملک ورچوئل اثاثوں کی ریگولیشن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

مشرق وسطیٰ میں دوبارہ کشیدگی، سٹاک مارکیٹ میں شدید مندی

سٹاک مارکیٹ میں ہنڈرڈ انڈیکس ایک لاکھ 77 ہزار 66 پوائنٹس کی سطح پر آ گیا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان سٹاک مارکیٹ میں کاروبار کے دوران شدید منفی رجحان ریکارڈ کیا گیا ہے۔ کاروباری ہفتے کے پہلے روز کاروبار کے آغاز پر سٹاک ایکسچینج میں کمی دیکھنے میں آئی، 600 سے زائد پوائنٹس کی کمی کے ساتھ پاکستان سٹاک مارکیٹ میں ہنڈرڈ انڈیکس ایک لاکھ 77 ہزار 66 پوائنٹس کی سطح پر آ گیا۔ ٹریڈنگ کے دوران سٹاک مارکیٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 57)

میر رضا قتل کیس، تفتیشی افسر نے اہم دستاویزات جمع کرا دیں

کراچی (صباح نیوز) میر رضا قتل کیس کی تحقیقات میں اہم پیش رفت سامنے آئی ہے، سندھ ہائیکورٹ کے رجسٹرار نے تصدیق کی ہے کہ کیس کے تفتیشی افسر سراج لاشاری نے اہم دستاویزات جوڈیشل کمیشن کے پاس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 56)

سربراہ ن لیگ نواز شریف 4 روزہ دورہ پر سنگاپور روانہ

نواز شریف سنگاپور میں مختصر قیام کے بعد چائینہ روانہ ہو جائیں گے

لاہور (آئی این پی) سربراہ مسلم لیگ ن محمد نواز شریف 4 روزہ غیر ملکی دورے پر روانہ ہو گئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق میاں نواز شریف سپیشل ایئر کرافٹ سے سنگاپور روانہ ہوئے جبکہ حسن نواز شریف اور حسین نواز شریف بھی انکے ہمراہ ہیں، مزید برآں چودھری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

بینچ اور بار کے تعاون کے بغیر عدالتی اصلاحات کامیاب نہیں ہو سکتیں، چیف جسٹس

عدالتی نظام کو عدالتوں کے بجائے شہریوں کی ضروریات کے گرد مرکوز کرنا ہوگا، سائلین کو مشکلات کا سامنا نہیں ہونا چاہیے

ٹیکنالوجی کا استعمال انصاف کی فراہمی کو آسان اور مؤثر بنانے کے لیے ہونا چاہیے، جسٹس یحییٰ آفریدی

کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی نے کہا ہے کہ بینچ اور بار کے تعاون کے بغیر عدالتی اصلاحات کامیاب نہیں ہو سکتیں۔ بلوچستان ہائیکورٹ کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جسٹس یحییٰ آفریدی کا کہنا تھا کہ عدالتی نظام کو صرف عدالتوں کے بجائے شہریوں کی ضروریات کے گرد مرکوز کرنا ہوگا۔ سائلین کو انصاف کے حصول کے لیے عدالتی اداروں میں غیر ضروری مشکلات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

بلوچستان، فورسز کی کارروائی، 2 دہشت گرد ہلاک، اسلحہ گولہ بارود برآمد

ملک دشمنوں کی گاڑی بھی تباہ، ہلاک دہشتگرد ماشکیل پولیس اسٹیشن اور کسٹم ہاؤس پر ہونے والے دہشت گرد حملوں میں ملوث تھے

برآمد اسلحہ اور گولہ بارود شہریوں کی ٹارگٹ کلنگ اور دیگر دہشت گردانہ کارروائیوں کے لیے استعمال کیا جانا تھا، سکیورٹی ذرائع

راولپنڈی (صباح نیوز) بلوچستان میں واشک بلانٹک کے علاقے میں سیکیورٹی فورسز نے انٹیلی جنس کی بنیاد پر کارروائی کرتے ہوئے 2 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق کارروائی کے دوران دہشت گردوں کی گاڑی بھی تباہ کر دی گئی، جبکہ موقع سے بھاری مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود برآمد کیا گیا۔ ہلاک ہونے والے دہشت گرد ماشکیل پولیس اسٹیشن اور کسٹم ہاؤس پر ہونے والے دہشت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 58)

شمالی قبرص کے قریب کشتی الٹ گئی، ہلاکتیں 8 ہو گئیں

متعدد افراد لاپتہ، ریسکیو افراد کی حالت خطرے سے باہر، کشتی عملے کے 7 ارکان گرفتار

گوسیا (صباح نیوز) بحیرہ روم میں شمالی قبرص کے قریب کشتی الٹ گئی جس کے نتیجے میں ہلاکتیں 8 تک پہنچ گئیں جبکہ متعدد افراد لاپتہ ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق کشتی میں عملے کے 8 ارکان سمیت 267 افراد سوار تھے، 241 افراد کو بچا لیا گیا، کشتی خراب موسمی حالات کے باعث الٹی۔ ریسکیو کیے گئے افراد کی حالت خطرے سے باہر ہے۔ ترکیہ کی وزارت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

کوئٹہ، چیف جسٹس یحییٰ آفریدی سے بلوچستان بار کونسل کے عہدیداران ملاقات کر رہے ہیں

اسلام آباد، چیئرمین ڈاکٹر مہیش کمار ملیانی قائمہ کمیٹی برائے نیشنل ہیلتھ سروسز کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سانحہ پمز، تحقیقاتی پارلیمانی کمیٹی کیلئے سیاسی جماعتوں سے نام طلب

نام موصول ہوتے ہی مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کی تشکیل کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا جائیگا

اسلام آباد (صباح نیوز) سانحہ پمز کی پارلیمانی تحقیقات کے معاملے پر حکومت نے اہم پیشرفت کرتے ہوئے مشترکہ تحقیقاتی پارلیمانی کمیٹی میں نمائندگی کیلئے تمام سیاسی جماعتوں سے نام طلب کر لئے۔ پارلیمانی ذرائع کے مطابق قومی اسمبلی نے جمعہ کے روز سانحہ پمز کی تحقیقات کیلئے مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کے قیام کی قرارداد منظور کی تھی، جس کے بعد مشترکہ کمیٹی کی تشکیل کا عمل تیز کر دیا گیا ہے۔ مشترکہ پارلیمانی کمیٹی میں تمام جماعتوں کو نمائندگی دی جائے گی، جبکہ حکومت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

نیپال: تباہ کن سیلاب، ہلاکتوں کی تعداد 794 تک پہنچ گئی

ڈھائی ہزار سے زائد افراد لاپتہ، متاثرہ علاقوں میں امدادی کارروائیاں جاری

کھٹمنڈو (صباح نیوز) نیپال کے سرحدی علاقے میں تباہ کن سیلاب سے ہلاکتوں کی تعداد 794 تک پہنچ گئی۔ نیپالی حکام کے مطابق نیپال میں ریلوں سے ڈھائی ہزار سے زائد افراد لاپتہ ہیں، ہائیڈرو پاور پروجیکٹ کے 6 مقامات پر 933 کارکن پھنسے ہوئے ہیں۔ حکام نے بتایا ہے کہ سرنگوں میں پھنسے ہائیڈرو پاور پروجیکٹس کے کارکنوں کو نکالنے کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

سجاول، پولیو ورکر کلہاڑی کے وار سے زخمی، ملزم گرفتار

سجاول (آئی این پی) سجاول میں انسداد پولیو کے قطرے پلانے سے انکاری شخص نے پولیو ورکر پر کلہاڑی سے حملہ کر دیا پولیس نے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ یہ افسوسناک واقعہ سجاول کے گاؤں عجائب سومرو میں پیش آیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

طالبان انٹیلی جنس کے نائب سربراہ ملا تاج میر جواد ہلاک

طالبان کے سیکیورٹی ڈھانچے سے وابستہ شخصیات کو نشانہ بنایا جا رہا ہے

کابل (آئی این پی) نیشنل انڈیپنڈنس فرنٹ نے دعویٰ کیا ہے کہ اس کی فورسز نے 30 اگست 2026 کو قندھار کے آئی نو مینا اسکوائر کے قریب ایک منصوبہ بند کارروائی کے دوران طالبان انٹیلی جنس کے فرسٹ ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل ملا تاج میر جواد کو ہلاک کر دیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ملا تاج میر جواد قندھار صوبے میں طالبان انٹیلی جنس کے اہم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

ایران کی جزیرے خارگ پر حملے سے متعلق ٹرمپ کی پوسٹ مسترد

ویڈیو مصنوعی ذہانت سے تیار، جزیرہ خارگ پر حملے کے شواہد سامنے نہیں آئے

تہران (آئی این پی) ایران نے اہم توانائی مرکز جزیرہ خارگ پر حملے سے متعلق ٹرمپ کی پوسٹ مسترد کر دی۔ ایرانی نیشنل آئل کمپنی کے سربراہ حمید بوردنے ٹرمپ کے دعوے کو مضحکہ خیز قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ خارگ میں حالات معمول کے مطابق ہیں اور تیل کی سرگرمیاں جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کارکن گزشتہ نقصانات کی مرمت اور تنصیبات کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 59)

ماریشس کے عوام پاکستانی چاول کی دیوانی ہے، سفیر

سرگودھا (صباح نیوز) پاکستان میں تعینات ماریشس کے سفیر منسو کرمباکس نے کہا ہے کہ پاکستانی باسمتی چاول کا دنیا میں کوئی ثانی نہیں، ماریشس کی عوام پاکستانی چاول کی دیوانی ہے۔ ماریشس پاکستان کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 60)

روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد
Daily SHEHAR NAMA Islamabad

ایڈیٹوریل

فون: 0333-5196088
0344-5335568
Email:sheharnama@gmail.com

پبلشر عائشہ تنویر نے روہانی آرٹ پرنٹنگ پریس 35/E چغتائی پلازہ فضل حق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد سے چھپوا کر سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد سے شائع کیا

رابطہ آفس: سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد

آفس: سٹریٹ نمبر 10، 11th ایونیو بحریہ انکلیو اسلام آباد

سانحہ پمز اور وزیراعظم شہباز شریف کی فوری کارروائی!

وزیراعظم شہباز شریف نے اسلام آباد کے مرکزی ہسپتال پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز (پمز) آتشزدگی واقعے کی عبوری تحقیقاتی رپورٹ کی سفارشات پر ہسپتال کے آٹھ ذمہ داروں کو فوری معطل کرتے ہوئے اِن کے خلاف فوجداری کارروائی کا حکم دے دیا ہے۔ اِس حوالے سے وزیراعظم کے زیرِ صدارت لاہور میں اعلیٰ سطح کا اجلاس ہوا جس میں تحقیقاتی کمیٹی کی عبوری رپورٹ پیش کی گئی۔ معطل کیے جانے والوں میں پمز کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر، دو جوائنٹ ڈائریکٹر، دو سینئر رجسٹرار، نیونیٹل ڈیپارٹمنٹ کی سربراہ، اسسٹنٹ ڈائریکٹر سکیورٹی پمز اور کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) ایمرجنسی سروس کے ڈائریکٹر جنرل شامل ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ مجرمانہ غفلت کے مرتکب افراد کسی رعایت کے مستحق نہیں، اِنہیں کیفرِ کردار تک پہنچایا جائے گا۔ وزیراعظم نے سکیورٹی پر مامور کمپنی اور اُس کے عہدیداروں کے خلاف کارروائی کی منظوری بھی دیدی ہے۔ اُنہوں نے نیشنل انسٹیٹیوٹ آف ہیلتھ (این آئی ایچ) کے چیف ایگزیکٹو کو پمز کا ایکٹنگ ایگزیکٹو ڈائریکٹر تعینات کرتے ہوئے باقی ماندہ پوزیشنوں پر نئے افراد کی فوری تعیناتی کی ہدایت بھی جاری کردی۔ شہباز شریف نے اپنی جان کی پروا کیے بغیر بچے کی جان بچانے والی نرس کیلئے ستارۂ خدمت دینے کی منظوری دی جبکہ وارڈ میں موجود ایک نرس اور خاتون گارڈ کو او ایس ڈی بنا کر مزید تحقیقات کا حکم بھی دیا ہے۔ وزیراعظم کی ہدایت پر عبوری رپورٹ وزارتِ قومی صحت کی ویب سائٹ پر بھی جاری کردی گئی ہے۔

نو صفحات پر مشتمل عبوری رپورٹ کے مطابق آگ تقریباً صبح 6 بج کر 38 منٹ پر لگی اور کم و بیش دو منٹ کے اندر نرسری گہرے دھوئیں سے بھر گئی۔ رپورٹ میں سی سی ٹی وی فوٹیج کی مدد سے واقعے کا جائزہ لیتے ہوئے بتایا گیا کہ انچارج نرس 6 بج کر 38 منٹ 15 سیکنڈ پر نرسری سے باہر نکل گئی جبکہ موقع پر موجود دیگر عملے نے فوری طور پر بچوں کو بچانے کی کوشش کی۔ اس وقت سپروائزری سٹاف ڈیوٹی پر نہیں تھا جبکہ وارڈ میں صرف دو نرسیں، ایک خاتون گارڈ اور ہاؤس آفیسر موجود تھے۔ ڈیوٹی روسٹر کے برعکس موقع پر موجود افسروں اور عملے کی تعداد کم تھی۔ ایمرجنسی سروسز کو بروقت اطلاع دینے کے حوالے سے بھی اہم سوالات سامنے آئے، پہلی ایمرجنسی کال آگ لگنے کے قریباً چھ منٹ بعد کی گئی، پہلے ایمرجنسی رسپانس کو پہنچنے میں 15 منٹ لگے۔ کیپیٹل ایمرجنسی سروسز (سی ای ایس) کے مطابق فائر ایگزٹ دروازوں پر تالے پڑے تھے اس لئے فائر فائٹرز کو انہیں توڑنا پڑا اور رسائی کے لئے راستے بنانے پڑے۔ وارڈ میں فائر الارم اور سپرنکلر سسٹم بھی موجود نہیں تھے۔ رپورٹ میں آتشزدگی کی وجہ، واقعات کی ٹائم لائن، ہنگامی ردِعمل اور ہسپتال میں فائر سیفٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا ہے۔ کمیٹی کے مطابق آتشزدگی کی حتمی تکنیکی وجہ ابھی تک واضح نہیں ہو سکی، اے سی، انکیوبیٹر، وارمر اور بجلی کے شارٹ سرکٹ سمیت مختلف امکانات زیرِ غور ہیں تاہم اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) ریکارڈ میں بیرونی فیڈر کی خرابی یا ٹرپنگ کے کوئی شواہد نہیں ملے۔ کمیٹی نے نومولود نرسری انتہائی نگہداشت انٹینسِو کیئر یونٹ (این آئی سی یو) میں مطلوبہ طبی نگرانی اور انتظامی موجودگی کے فقدان کو اہم خامی قرار دیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق پمز میں آتشزدگی یا ہنگامی صورتحال سے نبٹنے کے لئے کوئی تفصیلی ایس او پیز جاری نہیں کئے گئے، 13 ایس او پیز میں صرف دو ذیلی سیکشنوں میں آگ یا ہنگامی صورتحال کا ذکر ہے۔ جولائی میں پمز نرسنگ ہاسٹل میں آتشزدگی کے واقعے کے باوجود موثر حفاظتی اقدامات نہیں کیے گئے۔ نومولود وارڈ میں فائر سیفٹی سے متعلق عالمی ادارہ صحت کے قواعد کی بھی خلاف ورزی پائی گئی۔ کمیٹی کے مطابق آگ کا سبب صرف ایک فرد کی غفلت کو قرار دینا قبل از وقت ہوگا کیونکہ فائر سیفٹی، ایمرجنسی ایگزٹس اور سیکیورٹی نظام سمیت سنگین خامیاں ادارہ جاتی سطح پر سامنے آئی ہیں۔ سانحہ پمز میں نومولود بچوں کی ہلاکتوں نے پورے ملک کو جھنجھوڑ کر رکھ دیا ہے، وزیراعظم نے فوری تحقیقات کا حکم دیا اور کمیٹی نے سرعت سے رپورٹ مرتب کر کے عوام کے سامنے رکھ دی۔ پاکستان میں کمیٹیاں بننا اور اُن کی رپورٹیں منظرِ عام پر آنا کوئی نئی بات نہیں ہے لیکن افسوس اِس بات کا ہے کہ جو بھی سفارشات مرتب کی جاتی ہیں ان پر عملدرآمد نہیں ہوتا۔ اِس رپورٹ نے واقعے کی ظاہری حقیقت بہت حد تک منکشف کر دی ہے، حکومت نے اِسے ٹیسٹ کیس بنانے کی بات کی ہے، عبوری رپورٹ پیش کی جا چکی ہے تفصیلی رپورٹ آنا ابھی باقی ہے۔ بعض ذمہ داروں کا تعین کر کے ان کو معطل کر کے فوجداری کاروائی کا حکم بھی جاری کر دیا گیا ہے۔ حکومت کا اصل امتحان آئندہ ایسے واقعات کی روک تھام ہے، ملک بھر کے سرکاری ہسپتالوں میں کم و بیش ایسے ہی حالات ہیں یا پھر اِس سے بھی زیادہ بدتر ہیں۔ نجی ہسپتالوں میں بھی اِس حوالے سے صورتحال بہت زیادہ حوصلہ افزاء نہیں ہے۔ نظامِ صحت میں ہنگامی بنیادوں پر جدید تقاضوں کے مطابق اصلاحات لازم ہیں۔ تمام سرکاری و نجی ہسپتالوں کا قومی سطح پر فائر اینڈ لائف سیفٹی آڈٹ ہونا چاہیئے، انہیں تمام تر ایس او پیز پر عملدرآمد کا پابند بنانا چاہیئے۔ مسلسل سانحات سے محض زبانی جمع خرچ کے ذریعے نہیں بچا جا سکتا۔ اگر اب بھی اپنی غلطیوں سے سبق سیکھتے ہوئے عملی اقدامات نہ کیے گئے تو ایک کے بعد دوسرا سانحہ رونما ہوتا رہے گا۔

مہنگائی یا ہماری مِس مینجمنٹ؟

صدا بصحرا
رفیع صحرائی
rafisehraee5586@gmail.com

ہم پاکستانی بھی کمال کے لوگ ہیں۔ ہر غلط کام حکومت کے کھاتے میں ڈال دینا عین کارِ ثواب سمجھ کر اپنے فرائض اور ذمہ داریوں سے بری الذمہ ہو جاتے ہیں۔ مہنگائی بڑھے تو حکومت ذمہ دار، بجلی کا بل آئے تو حکومت ذمہ دار، پٹرول مہنگا ہو تو حکومت ذمہ دار، سبزی کے دام بڑھیں تو حکومت ذمہ دار اور اگر گھر میں بیس کلو آٹا دس دن میں ختم ہو جائے تو شاید اس کا ذمہ دار بھی وزارتِ خزانہ ہی کو قرار دے دیا جائے۔ ہم نے اپنی زندگی کا ایک سنہرا اصول بنا لیا ہے کہ غلطی ہماری ہو تو حالات کا قصور، اور حالات خراب ہوں تو حکومت کا قصور! مہنگائی یقیناً آج کی ایک بڑی حقیقت ہے اور اس سے انکار ممکن نہیں۔ عام آدمی کے لیے بجلی، گیس، پٹرول، تعلیم، علاج، کرایہ اور اشیائے خورونوش کے بڑھتے ہوئے اخراجات واقعی ناقابلِ برداشت ہوتے جا رہے ہیں۔ حکومت کی ذمہ داری ہے کہ ناجائز منافع خوری، ذخیرہ اندوزی اور مصنوعی مہنگائی کے خلاف کارروائی کرے، ٹیکسوں کا نظام بہتر بنائے، بجلی اور توانائی کے شعبے کی اصلاح کرے اور روزگار کے مواقع پیدا کرے۔ مگر ذرا ایک لمحے کے لیے حکومت کو الزام دینے سے پہلے ہمیں اپنے گھر کی طرف بھی دیکھ لینا چاہیے۔ کہیں ایسا تو نہیں کہ ہمارے معاشی مسائل میں مہنگائی کے ساتھ ہماری اپنی ''مس مینجمنٹ'' بھی شامل ہو گئی ہے؟

زندگی گزارنے کا ایک آسان سا اصول ہے۔ آمدنی جتنی ہو، خرچ اسی حساب سے ہونا چاہیے یعنی چادر دیکھ کر پاؤں پھیلانے چاہئیں، لیکن ہم نے اس اصول کو بھی پرانا زمانہ سمجھ کر میوزیم میں رکھ دیا ہے۔ پہلے ہمارے دل میں کوئی خواہش پیدا ہوتی ہے، پھر اس خواہش کو ہم ضرورت کا نام دے دیتے ہیں، اس کے بعد جیب خالی ہونے پر قرض لیا جاتا ہے اور آخر میں قرض کی قسط ادا کرتے ہوئے مہنگائی کو برا بھلا کہنے لگ جاتے ہیں۔

اپنے اردگرد دیکھیے۔ کہیں بوڑھا باپ صبح سویرے مزدوری کے لیے جا رہا ہوگا، کہیں بیمار ماں کسی گھر میں صفائی کر رہی ہوگی اور اسی گھر کا نوجوان صاحب موبائل ہاتھ میں لیے سوشل میڈیا پر ''زندگی بدل دینے والے'' اقوال پوسٹ کر رہا ہوگا۔ کبھی وہ خود کو ڈان ثابت کرنے کی کوشش کرے گا، کبھی برانڈڈ کپڑوں میں اے آئی سے بنائی گئی تصویر لگائے گا اور کبھی حکومت کو بتائے گا کہ ملک میں روزگار نہیں۔ اسے کون بتائے کہ بھائی! روزگار تلاش کرنے کے لیے موبائل کی اسکرین سے باہر بھی دنیا آباد ہے!

سوشل میڈیا نے صرف ہماری سیاست نہیں بدلی، ہماری ضروریات بھی بدل دی ہیں۔ کسی نے نئی گاڑی لی، ہمیں بھی نئی گاڑی کی ضرورت محسوس ہونے لگتی ہے۔ کسی نے مہنگا موبائل خریدا، ہمارا فون اچانک پرانا اور ناکارہ محسوس ہونے لگتا ہے۔ کسی نے کسی ریسٹورنٹ میں پیزا کھایا تو ہمارے لیے گھر میں دال چاول کھانا شاید غربت کی علامت بن جاتا ہے۔ اگر کسی نے برانڈڈ کپڑے پہن لیے تو ہماری الماری میں موجود کپڑے ہمیں بوسیدہ اور پرانے لگنے لگتے ہیں۔ یہ سب بری چیزیں نہیں ہیں۔ بے شک پیزا بھی کھائیے، برگر بھی کھائیے، برانڈڈ کپڑے بھی پہنیے، مگر ایک چھوٹا سا سوال خود سے ضرور کیجیے: کیا میری آمدنی اس کی اجازت دیتی ہے؟

اگر جواب ''نہیں'' ہے تو مسئلہ صرف مہنگائی نہیں، ترجیحات اور ان تعیشات کا بھی ہے جنہیں ہم نے ضروریات بنا لیا ہے۔

پٹرول کی قیمت بڑھنے پر ہم چیخ اٹھتے ہیں۔ لیکن کبھی یہ سوچنے کی زحمت گوارا نہیں کرتے کہ پانچ یا دس کلومیٹر کا فاصلہ سائیکل سے طے کیا جا سکتا ہے۔ ماضی میں لوگ سائیکل پر دفتر جاتے تھے، بازار جاتے تھے، حتیٰ کہ بعض اوقات بارات بھی سائیکلوں پر نکل جاتی تھی۔ آج یہ عالم ہے کہ ہم پانچ سو میٹر دور دکان تک جانے کے لیے موٹر سائیکل نکالتے ہیں اور پھر پٹرول کے نرخوں پر قومی اسمبلی کا اجلاس اپنے گھر میں بلا لیتے ہیں۔ سائیکل صرف پٹرول نہیں بچائے گی، جسم کو بھی بچائے گی۔ اس کے استعمال سے ورزش نہ کرنے سے پیدا ہونے والی کئی بیماریوں اور ان کے علاج پر ہونے والے اخراجات میں کمی آ سکتی ہے۔ یعنی ایک ہی تیر سے کئی شکار کیے جا سکتے ہیں۔ پٹرول کا استعمال کم، زرمبادلہ کی بچت، صحت بہتر اور ڈاکٹر کی فیس سے نجات حاصل کی جا سکتی ہے۔

اسی طرح شادی بیاہ کو دیکھیے۔ شادی خوشی کا موقع ہے یا معاشرتی مقابلہ؟ بعض اوقات ایسا محسوس ہوتا ہے کہ دولہا دلہن کی شادی نہیں، خاندانوں کی مالی طاقت کا عالمی کپ ہو رہا ہے۔ کھانے کی اتنی اقسام کہ مہمان فیصلہ کرتے کرتے پیٹ بھر لیتا ہے، لباس ایسے کہ قیمت پوچھنے والا اپنی جائیداد کا تخمینہ لگانے لگتا ہے اور شادی ہال ایسا کہ اس کے اخراجات کی وجہ سے شادی کے بعد کئی سال تک قرض کی اقساط چلتی رہیں۔ بعد میں وہی خاندان کہتا ہے: ''مہنگائی نے جینا حرام کر دیا ہے!''

جناب! کچھ حصہ مہنگائی کا ہے، کچھ حصہ ہماری اپنی ''شاہ خرچی'' کا بھی تو ہے۔

فوتیدگی کے موقع پر بھی بعض معاشرتی رسوم غم زدہ خاندان کے لیے اضافی بوجھ بن جاتی ہیں۔ مرحوم کے لیے دعا، فاتحہ اور ایصالِ ثواب کے بجائے بعض اوقات اس بات کی فکر زیادہ ہوتی ہے کہ آنے والے سینکڑوں افراد کے لیے کھانا کہاں سے آئے گا۔ حالانکہ یہ غم کا موقع اور سوگ کی کیفیت ہوتی ہے۔ بیرونِ شہر سے آنے والے مہمانوں کے لیے سادہ کھانے کا بندوبست کر دینا ہی کافی ہوتا ہے مگر اس موقع پر بھی خاندان اور لوگوں کے سامنے ناک بچانے کی فکر پڑی ہوتی ہے۔ یہ الگ بات ہے کہ ناک بچاتے بچاتے کمر کا کڑاکا نکل جاتا ہے۔ دکھاوے کے لیے قرض لے کر سینکڑوں لوگوں کے پیٹ بھرنا مرحوم کی خدمت نہیں کہلا سکتا۔ ہمیں یہ بھی سمجھنا ہوگا کہ حکومت کی غلطیاں اپنی جگہ، مگر ہر معاشی مسئلے کا حل حکومت کے پاس نہیں ہوتا۔ حکومت آپ کو سستا پٹرول دے سکتی ہے، مگر یہ فیصلہ آپ کو کرنا ہے کہ غیر ضروری سفر کرنا ہے یا نہیں۔ حکومت بجلی کا نرخ کم کرنے کی کوشش کر سکتی ہے، مگر پنکھے، بلب اور اے سی کب چلانے ہیں، اس کا فیصلہ گھر کے افراد ہی کرتے ہیں۔ حکومت روزگار کے مواقع پیدا کر سکتی ہے، مگر ہنر سیکھنے اور محنت کرنے کا فیصلہ نوجوان کو خود کرنا ہوگا۔

یہاں ہمارا سب سے بڑا المیہ سامنے آتا ہے: ہم آمدنی بڑھانے سے زیادہ اخراجات بڑھانے کے خواہش مند ہیں۔ دنیا بدل رہی ہے۔ روزگار کے روایتی ذرائع کے ساتھ آن لائن کام، فری لانسنگ، ای کامرس، ٹیکنیکل ہنر، چھوٹے کاروبار اور گھر بیٹھے خدمات فراہم کرنے کے بے شمار مواقع پیدا ہو چکے ہیں۔

وادیٔ سون کی پہچان منصور عثمان اعوان (قسط 1)

اظہار خیال
ذیشان حیدر

کچھ خطے صرف نقشے پر موجود زمین کے ٹکڑے نہیں ہوتے، وہ قدرت کی ایسی تخلیق ہوتے ہیں جنہیں دیکھ کر انسان بے اختیار پکار اٹھتا ہے کہ حسن اگر مجسم ہو سکتا تو شاید ایسا ہی ہوتا۔ پاکستان کی سرزمین بھی قدرت کے ایسے بے شمار شاہکاروں سے مالا مال ہے۔ کہیں بلند و بالا پہاڑ آسمان سے باتیں کرتے ہیں، کہیں نیلگوں جھیلیں خاموشی سے قدرت کی داستان سناتی ہیں اور کہیں سبز وادیوں میں بہتے چشمے زندگی کی روانی کا استعارہ بن جاتے ہیں۔ انہی قدرتی شاہکاروں میں ایک نام وادیٔ سون سکیسر کا بھی ہے، جسے دیکھ کر دل گواہی دیتا ہے کہ قدرت نے اس خطے پر کچھ زیادہ ہی مہربانی کی ہے۔ پنجاب کے وسیع و عریض میدانوں اور صحرائی خطوں کے درمیان واقع وادیٔ سون سکیسر کوہستانِ نمک کے پہاڑی سلسلے کا بلند ترین اور حسین ترین خطہ ہے۔ یہ وادی محض پہاڑوں، جنگلات اور جھیلوں کا مجموعہ نہیں بلکہ حسنِ فطرت کا ایک ایسا حسین امتزاج ہے جہاں ہر منظر اپنی الگ کہانی سناتا ہے۔ اس سرزمین پر موجود تین خوبصورت جھیلیں، دور دراز علاقوں سے آنے والے آبی پرندے اور کاہو و پھلاہی کے جنگلات میں گھومتے اڑیال، چنکارہ، چکور اور کالا تیتر اس وادی کے حسن کو چار چاند لگا دیتے ہیں۔ نیلے پہاڑوں کی قطاریں، سرسبز ڈھلوانیں، پھلوں سے لدے درخت، لہلہاتے کھیت اور پہاڑوں کے سینوں سے پھوٹتے شفاف چشمے اس خطے کو ایسا دل فریب بنا دیتے ہیں کہ یہاں آنے والا شخص کچھ دیر کے لیے دنیا کی مصروفیات بھول کر قدرت کے حسن میں کھو جاتا ہے۔ شاید یہی وجہ ہے کہ مغلیہ بادشاہ ظہیر الدین بابر بھی اس خطے کی خوبصورتی سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکے اور انہوں نے اسے چھوٹا کشمیر قرار دیا۔ تاریخ کے اوراق پلٹیں تو محمود غزنوی اور شیر شاہ سوری جیسے حکمرانوں کے قدموں کے نشانات بھی اس خطے سے جڑے دکھائی دیتے ہیں۔ یوں وادیٔ سون کی خوبصورتی صرف آج کے سیاحوں کو ہی نہیں لبھاتی رہی بلکہ صدیوں سے یہ خطہ اہلِ ذوق اور حکمرانوں کی توجہ کا مرکز چلا آ رہا ہے۔ وادیٔ سون کی خوبصورتی کا ایک اور نمایاں پہلو اس کی زرخیز زمین ہے۔ یہاں قدرت نے جہاں حسین مناظر عطا کیے، وہیں زمین کو بھی پیداوار کی نعمت سے نوازا۔ آڑو، خوبانی، ناشپاتی، انگور، انجیر اور زیتون جیسے پھل اس خطے کی زرعی شناخت کا حصہ ہیں۔ پہاڑوں کے دامن میں لہلہاتے کھیت اور باغات اس بات کا ثبوت ہیں کہ وادیٔ سون قدرتی حسن کے ساتھ ساتھ زرعی اعتبار سے بھی غیر معمولی صلاحیت رکھتی ہے۔ یہی نہیں، گندم کی کاشت میں بھی وادیٔ سون سکیسر نے اپنی ایک الگ پہچان بنائی ہے۔ حالیہ برسوں میں گندم کی پیداوار اور کاشت کے حوالے سے ہونے والے مقابلوں میں اس زرخیز خطے کے کسانوں نے نمایاں کارکردگی دکھائی اور ریکارڈ قائم کیے۔

اگر جدید زرعی ٹیکنالوجی، بہتر رہنمائی اور مناسب سہولیات اس علاقے کے کسانوں کو مسلسل فراہم کی جائیں تو وادیٔ سون ملکی زرعی پیداوار میں مزید اہم کردار ادا کر سکتی ہے۔ قدرت نے اس خطے کو صرف حسن اور زرخیزی ہی نہیں دی بلکہ زمین کے سینے میں معدنی دولت بھی چھپا رکھی ہے۔ جپسم، سلیکا، کوئلہ اور نمک سمیت مختلف معدنیات یہاں سے نکالی جاتی ہیں۔ یہ معدنی وسائل وادیٔ سون کی معاشی اہمیت میں مزید اضافہ کرتے ہیں۔ خوش آئند امر یہ ہے کہ معدنیات کے شعبے میں کام کرنے والے ادارے جیالوجیکل سروے آف پاکستان کے سربراہ عدنان عالم اعوان کا تعلق بھی اسی مردم خیز وادی سے ہے۔ وادیٔ سون کو اگر مردم خیز کہا جائے تو شاید غلط نہ ہوگا۔ اس خطے نے صرف قدرتی مناظر ہی نہیں، ملک کو اہلِ علم و دانش بھی دیے ہیں۔ صفِ اول کے افسانہ نگار اور شاعر احمد ندیم قاسمی اسی سرزمین کے سپوت تھے۔ ادب کی دنیا میں ان کا نام کسی تعارف کا محتاج نہیں۔ اسی طرح قانون کے میدان میں نمایاں مقام بنانے والے منصور عثمان اعوان کا تعلق بھی اسی خطے سے ہے۔ یہاں ایک دلچسپ پہلو یہ بھی ہے کہ ایک وقت تھا جب اٹارنی جنرل جیسے اہم ترین آئینی و قانونی منصب کا ذکر صرف قانونی اور حکومتی حلقوں تک محدود سمجھا جاتا تھا، مگر وقت کے ساتھ عوام بھی اس منصب کی اہمیت سے آگاہ ہوئے۔ قیامِ پاکستان سے لے کر اب تک کئی نامور قانون دان اس منصب پر فائز ہو چکے ہیں۔ تاہم موجودہ دور میں یہ منصب وادیٔ سون سکیسر سے تعلق رکھنے والے قانون دان منصور عثمان اعوان کے حصے میں آیا۔ منصور عثمان اعوان نے مختصر عرصے میں قانون کی دنیا میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا۔ تاہم ان کی شخصیت کا ایک پہلو ایسا بھی ہے جو انہیں اپنے علاقے کے لوگوں کے قریب کرتا ہے؛ وہ اپنے آبائی خطے کے مسائل اور وہاں کے عوام کی مشکلات سے واقف ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ منصب کی بلندی کے باوجود اپنے لوگوں سے ان کا رابطہ برقرار رہا اور علاقے میں ان کی مقبولیت میں اضافہ ہوا۔ راقم الحروف کو بھی ایک سرکاری نشریاتی ادارے کی جانب سے وادیٔ سون کے کسانوں کو جدید زرعی ٹیکنالوجی سے روشناس کرانے کے لیے اس علاقے میں متعدد پروگرام منعقد کرنے کا موقع ملا۔ ان دوروں کے دوران اس خوبصورت وادی کا ایک دوسرا رخ بھی سامنے آیا۔ قدرت نے جس خطے کو حسن کے خزانوں سے نوازا تھا، انسانی غفلت نے وہاں محرومیوں کے نقوش بھی چھوڑ رکھے تھے۔ (جاری ہے۔۔۔)

دو دل، ایک جان: پاکستان اور ترکیہ کی سرحدوں سے ماورا اخوت

اظہار خیال
منظر نقوی

ترکیہ کے 104 ویں یومِ فتح کی مناسبت سے پاک فوج کے شعبۂ تعلقاتِ عامہ (آئی ایس پی آر) کی جانب سے خصوصی نغمے ''دو دل، ایک جان'' کا اجرا محض ایک موسیقی خراجِ تحسین نہیں بلکہ اس تعلق کا ایک طاقتور ثقافتی اظہار ہے جو حکومتوں کی تبدیلی، بدلتے ہوئے جغرافیائی و سیاسی حالات اور نسلوں کے سفر کے باوجود نہ صرف قائم رہا بلکہ وقت کے ساتھ مزید مضبوط ہوا ہے۔ پاکستان اور ترکیہ جغرافیائی اعتبار سے ایک دوسرے سے دور ضرور ہیں، لیکن دونوں ممالک کے عوام کے درمیان محبت اور اپنائیت نے ہمیشہ سرحدوں اور فاصلوں کو بے معنی ثابت کیا ہے۔ اسی لیے ''دو دل، ایک جان'' کا عنوان اس غیر معمولی دوستی کی بہترین عکاسی کرتا ہے۔

پاکستان کے ممتاز فنکاروں کی جانب سے اردو اور ترک زبان میں پیش کیے گئے اس نغمے میں دونوں ممالک کی زبانوں، جذبات اور ثقافتی روایات کو خوبصورتی سے یکجا کیا گیا ہے۔ اس کا پیغام سادہ مگر انتہائی گہرا ہے: پاکستان اور ترکیہ دو خودمختار ریاستیں ضرور ہیں، لیکن تاریخ، باہمی احترام، مشترکہ اقدار اور لازوال جذبۂ اخوت انہیں ایک دوسرے سے مضبوطی سے جوڑے ہوئے ہے۔

اس خراجِ تحسین کا وقت بھی خصوصی اہمیت کا حامل ہے۔ ترکیہ کا یومِ فتح اس کی جدید تاریخ کے ایک فیصلہ کن باب کی یاد دلاتا ہے اور ترک قوم کے عزم، جرأت اور عظیم قربانیوں کی علامت ہے۔ پاکستان کی جانب سے اس اہم قومی موقع کو موسیقی کے ذریعے منانا اس امر کا اظہار ہے کہ ترکیہ کی قومی کامیابیاں اور تاریخی لمحات پاکستانی عوام کے دلوں میں بھی گہری اہمیت رکھتے ہیں۔

ترکیہ میں ''دو دل، ایک جان'' کو ملنے والی بھرپور پذیرائی اس حقیقت کا ثبوت ہے کہ یہ جذبات یکطرفہ نہیں بلکہ دونوں جانب یکساں طور پر موجود ہیں۔ ترکیہ کے معروف ٹی آر ٹی نیٹ ورک نے اس نغمے کو اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر شیئر کیا، جبکہ اناطولیہ نیوز ایجنسی نے اپنے کثیر اللسانی ڈیجیٹل پلیٹ فارمز پر اس کی ثقافتی خوبصورتی کو نمایاں کیا۔ ترکیہ کے ممتاز اخبارات، جن میں شفق اور صباح شامل ہیں، نے بھی اس ویڈیو کو نمایاں جگہ دی اور پاکستانی و ترک ثقافت کے حسین امتزاج کو سراہا۔ یہ وسیع پذیرائی ظاہر کرتی ہے کہ ثقافتی سفارت کاری بعض اوقات رسمی بیانات سے کہیں زیادہ مؤثر انداز میں دوستی کا پیغام پہنچا سکتی ہے۔

تاہم پاکستان اور ترکیہ کی دوستی کی بنیادیں موجودہ سفارت کاری سے کہیں زیادہ گہری اور تاریخی ہیں۔ برصغیر کے مسلمانوں نے ترک قوم کی تاریخ کے مشکل ادوار میں غیر معمولی یکجہتی کا مظاہرہ کیا، بالخصوص تحریکِ خلافت اور ترکیہ کی جدوجہدِ آزادی کے دوران ترک عوام کی بھرپور حمایت کی گئی۔ یہ تاریخی یادیں آج بھی دونوں اقوام کے اجتماعی شعور میں زندہ ہیں۔

1947ء میں قیامِ پاکستان کے بعد ترکیہ ان ممالک میں شامل تھا جن کے ساتھ اسلام آباد نے انتہائی گرم جوش اور برادرانہ تعلقات استوار کیے۔ دونوں جانب آنے والی قیادتوں نے نسل در نسل ان تعلقات کو مزید مستحکم کیا، جبکہ وقت گزرنے کے ساتھ دفاع، سفارت کاری، تجارت، سرمایہ کاری، تعلیم اور ثقافت سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کا دائرہ وسیع ہوتا گیا۔

اس تعلق کی سب سے بڑی خوبصورتی یہ ہے کہ یہ صرف حکومتوں تک محدود نہیں۔ پاکستانی عوام ترکیہ کو عام طور پر اپنا برادر ملک قرار دیتے ہیں اور اسی طرح ترک عوام میں بھی پاکستان کے لیے محبت اور احترام کے جذبات بارہا دیکھنے میں آتے ہیں۔ جب بھی دونوں ممالک میں سے کسی ایک کو قدرتی آفت یا قومی سانحے کا سامنا کرنا پڑا، دوسرے نے روایتی طور پر یکجہتی اور عملی مدد کا مظاہرہ کیا۔ زلزلوں، سیلابوں اور دیگر انسانی بحرانوں کے دوران بارہا ثابت ہوا کہ یہ دوستی صرف سفارتی بیانات تک محدود نہیں بلکہ مشکل وقت میں ایک دوسرے کا ہاتھ تھامنے کا نام ہے۔

دفاعی تعاون بھی پاکستان اور ترکیہ کی شراکت داری کا ایک اہم ستون ہے۔ دونوں ممالک نے تربیت، مشترکہ فوجی مشقوں، دفاعی پیداوار اور پیشہ ورانہ مہارتوں کے تبادلے کے ذریعے اپنی مسلح افواج کے درمیان تعاون کو مسلسل وسعت دی ہے۔ اسی لیے آئی ایس پی آر کی جانب سے ترکیہ کے یومِ فتح پر خصوصی نغمے کا اجرا علامتی اعتبار سے بھی اہم ہے۔ یہ ترکیہ کی عسکری روایات کے لیے پاکستان کی مسلح افواج کے احترام اور دونوں ممالک کے دفاعی اداروں کے درمیان قریبی تعلقات کی عکاسی کرتا ہے۔

تاہم پاکستان اور ترکیہ کے تعلقات کا مستقبل اس سے بھی کہیں آگے بڑھنا چاہیے۔ اس رشتے کی مضبوط سیاسی اور جذباتی بنیادوں کو وسیع تر اقتصادی تعاون میں تبدیل کرنے کی ضرورت ہے۔ دوطرفہ تجارت اور سرمایہ کاری میں اضافے کی وسیع گنجائش موجود ہے۔ دفاعی پیداوار، انفارمیشن ٹیکنالوجی، قابلِ تجدید توانائی، بنیادی ڈھانچے، سیاحت، ہوا بازی، تعلیم، زراعت اور صنعتی ترقی جیسے شعبوں میں دونوں ممالک اپنی شراکت داری کو نئی بلندیوں تک لے جا سکتے ہیں۔

عوامی سطح پر روابط بڑھانے کے بھی بے پناہ امکانات موجود ہیں۔ ترک ٹیلی ویژن ڈراموں نے پاکستان میں غیر معمولی مقبولیت حاصل کی ہے، جبکہ ترکیہ پاکستانی سیاحوں، طلبہ اور کاروباری افراد کے لیے ایک اہم منزل بن چکا ہے۔ دونوں ممالک کی جامعات، ذرائع ابلاغ، ثقافتی اداروں، فنکاروں اور نوجوان کاروباری شخصیات کے درمیان تعاون میں اضافہ اس بات کو یقینی بنا سکتا ہے کہ یہ تاریخی دوستی آنے والی نسلوں تک مزید مضبوطی کے ساتھ منتقل ہو۔

پاکستان اور ترکیہ کئی اہم عالمی معاملات پر مشترکہ یا قریب تر نقطۂ نظر رکھتے ہیں اور قومی اہمیت کے معاملات پر ایک دوسرے کی حمایت بھی کرتے آئے ہیں۔ بین الاقوامی فورمز پر دونوں ممالک کے درمیان سفارتی ہم آہنگی اس بات کی مثال ہے کہ دوطرفہ دوستی کس طرح وسیع تر علاقائی اور عالمی تعاون میں اپنا کردار ادا کر سکتی ہے۔

ایک ایسے دور میں جب عالمی تعلقات تیزی سے بدلتے اتحادوں اور قلیل مدتی مفادات کے زیرِ اثر ہیں، پاکستان اور ترکیہ کے تعلقات ایک مختلف اور قابلِ تقلید مثال پیش کرتے ہیں۔ بلاشبہ دونوں ممالک کے لیے اپنے قومی مفادات بنیادی اہمیت رکھتے ہیں، لیکن ان کے تعلقات کو ایک ایسی قوت بھی حاصل ہے جسے اعداد و شمار میں ناپنا ممکن نہیں، اور وہ ہے دونوں اقوام کے درمیان حقیقی عوامی محبت۔

یہی وجہ ہے کہ ''دو دل، ایک جان'' محض ایک یادگاری نغمہ نہیں۔ موسیقی زبان اور جغرافیہ کی سرحدوں کو عبور کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے، اور اردو و ترک زبان کا حسین امتزاج دو الگ قومی شناختوں کو دوستی کے ایک مضبوط رشتے میں بندھے ہونے کی خوبصورت علامت بن کر سامنے آیا ہے۔

ترکیہ کے 104 ویں یومِ فتح کے موقع پر پاکستان کے عوام اپنے ترک بھائیوں اور بہنوں کی خوشیوں اور قومی فخر میں برابر کے شریک ہیں۔ یہ موقع دونوں ممالک کو اس بات کی ترغیب بھی دیتا ہے کہ وہ اپنی تاریخی دوستی کو اقتصادی، تکنیکی، ثقافتی اور تزویراتی تعاون کے ایک نئے دور میں داخل کریں۔ حکومتیں معاہدے کرتی ہیں اور ادارے شراکت داریاں قائم کرتے ہیں، لیکن دیرپا دوستیوں کو بالآخر عوام ہی زندہ رکھتے ہیں۔ پاکستان اور ترکیہ اس لحاظ سے خوش قسمت ہیں کہ ان کے پاس دونوں طاقتیں موجود ہیں بی مضبوط ریاستی تعلقات اور عوام سے عوام کے درمیان غیر معمولی محبت واخوت۔

''دو دل، ایک جان'' اس پورے تعلق کو چند سادہ الفاظ میں سمیٹ دیتا ہے: دو ملک، دو دل، مگر اخوت اور بھائی چارے کی ایک لازوال روح۔

SHEHAR NAMA شہرنامہ

فن و ثقافت

ہیری اسٹائلز کا سابقہ گرل فرینڈ ٹیلر سوئفٹ کی شادی پر دلچسپ تبصرہ

نیو یارک (مانیٹرنگ ڈیسک) معروف برطانوی گلوکار ہیری اسٹائلز نے اپنی سابقہ گرل فرینڈ اور عالمی شہرت یافتہ گلوکارہ ٹیلر سوئفٹ کی ٹریوس کیلسی سے شادی پر کنسرٹ کے دوران دلچسپ انداز میں تبصرہ کر کے مداحوں کی توجہ حاصل کر لی۔ ہیری اسٹائلز ان دنوں نیو یارک کے میڈیسن اسکوائر گارڈن میں اپنے 30 کنسرٹس پر مشتمل سلسلے میں پرفارم کر رہے ہیں۔ ہفتے کی شب کنسرٹ کے اختتام پر انہوں نے اسی مقام پر ہونے والی ٹیلر سوئفٹ کی شادی کا نام لیے بغیر مزاحیہ انداز میں ذکر کیا۔ مداحوں سے گفتگو کرتے ہوئے گلوکار نے کہا کہ وہ میڈیسن اسکوائر گارڈن میں موجود ہیں جو عالمی چیمپئن نیو یارک نکس کا گھر ہے جس کے بعد انہوں نے شرارتی انداز میں مزید کہا، ''اور یہاں شادیاں بھی ہوتی ہیں۔'' ہیری اسٹائلز کا یہ جملہ بظاہر ٹیلر سوئفٹ اور امریکی فٹبال اسٹار ٹریوس کیلسی کی شادی کی جانب اشارہ تھا جو 3 جولائی کو اسی مقام پر منعقد ہوئی تھی۔

گلوکارہ بلی آئلش کے بھائی نے اپنی دیرینہ گرل فرینڈ سے شادی کرلی

معروف امریکی گلوکارہ بلی آئلش کے بھائی اور موسیقار فنیاس اوکونل اپنی دیرینہ گرل فرینڈ، یوٹیوبر و اداکارہ کلاڈیا سولیوسکی کے ساتھ رشتۂ ازدواج میں منسلک ہو گئے۔ شادی کی تقریب ہفتے کے روز امریکی ریاست کیلیفورنیا کے شہر سانتا باربرا میں واقع سان یسید رور رینچ میں منعقد ہوئی جس میں شوبز کی متعدد معروف شخصیات نے شرکت کی۔ تقریب کی خاص بات یہ رہی کہ بلی آئلش نے اپنے بھائی کی شادی کی تقریب کی کارروائی انجام دی۔ شادی میں جسٹن بیبر اور ان کی اہلیہ ہیلی بیبر، کرسٹن بیل، نینا ڈوبریو، ایما چیمبرلین اور دیگر معروف شخصیات بھی شریک ہوئیں۔ شادی سے قبل ملبوسات کی فٹنگ کے دوران بلی آئلش نے اپنی ہونے والی بھابھی کو عروسی لباس میں دیکھ کر جذباتی ردعمل دیتے ہوئے انہیں 'فرشتے جیسا خوبصورت' قرار دیا۔

آٹھ سال قبل ایسے کام چھوڑ دیئے جن سے اللہ ناراض ہو: اداکارہ لیلیٰ

فلم انڈسٹری کی معروف اداکارہ لیلیٰ نے ریئلٹی شو میں اپنے ماضی کے بولڈ پرفارمنسز کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ 8 برس قبل ایسے کام سے کنارہ کشی اختیار کر لی تھی جسے وہ اپنے دینی عقائد کے مطابق درست نہیں سمجھتی تھیں۔ لیلیٰ 1990 کی دہائی سے شوبز انڈسٹری سے وابستہ ہیں ریئلٹی شو میں انہوں نے اپنی ذاتی زندگی، خواہشات اور شوبز کیریئر کے مختلف پہلوؤں پر بات کی۔ لیلیٰ نے کہا کہ وہ ریئلٹی شو جیتنے کے لیے دعا کر رہی ہیں کیونکہ انعامی رقم سے وہ اپنا گھر اور ایک بڑی گاڑی خریدنے کا خواب پورا کرنا چاہتی ہیں۔ گفتگو کے دوران لیلیٰ نے اپنے ماضی کے بعض ایسے پرفارمنسز کا بھی ذکر کیا جنہیں آج وہ مناسب نہیں سمجھتیں انہوں نے بتایا کہ تقریباً آٹھ سال قبل انہوں نے ایسے کام چھوڑنے کا فیصلہ کیا جو ان کے مطابق اللہ تعالیٰ کی مرضی کے خلاف تھے۔

ثانیہ اشفاق کا عماد وسیم کی شادی اور بے وفائی پر کھل کر اظہار





اسلام آباد (شوبز ڈیسک) پاکستانی کرکٹر عماد وسیم کی سابق اہلیہ ثانیہ اشفاق نے پہلی مرتبہ ایک انٹرویو میں عماد وسیم کی شادی، علیحدگی اور مبینہ بے وفائی سے متعلق کھل کر تمام تفصیلات بیان کر دیں۔ ثانیہ اشفاق نے ایک انٹرویو میں دعویٰ کیا کہ وہ اپنے تیسرے بچے کے حمل کے دوران بھی شوہر کی جانب سے بے وفائی کا سامنا کرتی رہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ عماد وسیم حمل کے دوران بچوں سمیت انگلینڈ لے گئے اور والدہ کے گھر چھوڑ کر کہا کہ دونوں کو ایک دوسرے سے کچھ وقت کے لیے دور رہنے کی ضرورت ہے۔ ثانیہ کے مطابق بعد میں عماد وسیم نے ان سے علیحدگی کا اعلان کر دیا جبکہ وہ تین بچوں کے ساتھ اپنی والدہ کے گھر موجود تھیں۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ اس دوران عماد وسیم سوشل میڈیا انفلوئنسر نائلہ راجہ کے ساتھ وقت گزار رہے تھے اور انہوں نے پہلے ہی دوسری خاتون سے تعلق قائم کر لیا تھا۔ ثانیہ اشفاق نے کہا کہ جب عماد وسیم اور نائلہ راجہ کے مبینہ تعلقات سامنے آئے تو کئی لوگوں نے انہیں پیغامات بھیجے اور نائلہ کے بارے میں مختلف دعوے کیے، تاہم اس صورتحال کی ذمہ داری صرف نائلہ پر نہیں بلکہ عماد وسیم پر بھی عائد ہوتی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پہلی طلاق کا نوٹس ملنے کے باوجود وہ پاکستان واپس آئیں اور امید تھی کہ اپنے بچے کو دیکھنے کے بعد سابق شوہر کے دل میں نرمی پیدا ہوگی، تاہم ایسا نہیں ہوا۔

ریشم غربت پر لیلیٰ کا مذاق اڑایا کرتی تھی میرا دعویٰ

لاہور (شوبز ڈیسک) پاکستانی اداکارہ میرا نے اپنی قریبی دوست اور فلم اسٹار لیلیٰ کی زندگی میں پیش آنے والی مشکلات کا ذکر کرتے ہوئے اداکارہ ریشم پر سنگین الزامات عائد کر دیے۔ لیلیٰ ان دنوں ایک پاکستانی ریئلٹی شو میں شرکت کے باعث ایک بار پھر خبروں میں ہیں جہاں ناظرین ان کے انداز اور دیگر شرکا کے ساتھ تعلق کو پسند کر رہے ہیں حال ہی میں میرا نے انسٹاگرام پر لیلیٰ کے حق میں ایک طویل پیغام شیئر کرتے ہوئے مداحوں سے انہیں سپورٹ کرنے اور ووٹ دینے کی اپیل کی۔ اس دوران انہوں نے دعویٰ کیا کہ لیلیٰ نے زندگی میں شدید مالی مشکلات کا سامنا کیا اور ریشم ان کی غربت کا مذاق اڑاتی تھیں۔ میرا نے الزام لگایا کہ ریشم نے لاہور میں تقریباً 20 برس تک لیلیٰ کو مشکل وقت دیا کیونکہ ان کے پاس اپنا گھر یا گاڑی نہیں تھی اور انہیں نیچا دکھانے کی کوشش کی جاتی رہی۔ اداکارہ نے لیلیٰ کو اپنی بہن قرار دیتے ہوئے خواہش ظاہر کی کہ اب وہ زندگی میں خوشیاں دیکھیں، شادی کر کے ایک پرسکون اور خوشحال زندگی گزاریں۔ میرا نے ریئلٹی شو میں لیلیٰ کی کارکردگی کی بھی تعریف کرتے ہوئے انہیں شو کی 'کوئین' اور جیت کی سب سے زیادہ حقدار امیدوار قرار دیا اور مداحوں سے ان کے حق میں ووٹ دینے کی اپیل کی۔

بقیہ نمبر 1

کی مجموعی لاگت تقریباً 38 کروڑ سے 64 کروڑ ڈالر تک پہنچ سکتی ہے۔ اگر یہ اندازے درست ہیں تو ایران کے ایک بڑے میزائل حملے کو روکنے کی امریکی کوشش خاصی مہنگی ثابت ہوتی ہے۔ دفاعی ماہرین کیلئے تشویش کا اہم پہلو یہ ہے کہ پیٹریاٹ انٹرسیپٹرز کی تیاری فوری طور پر ممکن نہیں ہوتی بلکہ ایک نئے انٹرسیپٹر کی تیاری میں کئی سال لگ سکتے ہیں۔ اوپن سورس رپورٹس میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ امریکی ذخیرے میں اب تقریباً 900 پیٹریاٹ انٹرسیپٹرز باقی رہ گئے ہیں۔ تاہم اس تعداد کی آزادانہ طور پر مکمل تصدیق مشکل ہے اور امریکی حکام کی جانب سے موجودہ ذخیرے کی درست تعداد عام طور پر ظاہر نہیں کی جاتی۔ پیٹریاٹ کی ایک مکمل بیٹری میں تقریباً 72 سے 96 انٹرسیپٹرز موجود ہو سکتے ہیں۔ اگر ایک سے زیادہ بیٹریاں اور اضافی ری لوڈز بھی شامل کیے جائیں تو کسی بڑے حملے کے دوران سینکڑوں انٹرسیپٹرز دستیاب ہو سکتے ہیں، لیکن مسلسل استعمال سے ذخائر تیزی سے کم ہونے کا خدشہ پیدا ہوتا ہے۔ امریکی سینٹر فار اسٹریٹیجک اینڈ انٹرنیشنل اسٹڈیز نے بھی اس سے قبل اندازہ لگایا تھا کہ جنگ کے دوران بڑے پیمانے پر استعمال کے بعد امریکا کے پاس ایک ہزار سے کم پیٹریاٹ انٹرسیپٹرز باقی رہ گئے تھے۔ دفاعی صنعت کے لیے ایک اور مسئلہ ان میزائلوں کی محدود پیداواری رفتار ہے۔ انٹرسیپٹرز کی تیاری میں کئی سال لگ سکتے ہیں، جبکہ پیداواری صلاحیت کو بتدریج بڑھا کر 2030 تک تقریباً 2 ہزار یونٹس سالانہ تک پہنچانے کی توقع کی جا رہی ہے۔ اگر ایران اسی طرح مسلسل بیلسٹک میزائل حملے جاری رکھتا ہے تو واشنگٹن کو مشکل فیصلوں کا سامنا ہوسکتا ہے۔ امریکا کو ایک طرف مشرق وسطیٰ میں اپنے فوجی اڈوں اور اہلکاروں کے دفاع کے لیے بڑی تعداد میں مہنگے انٹرسیپٹرز استعمال کرنا ہوں گے، جبکہ دوسری جانب پیٹریاٹ ذخائر تیزی سے کم ہونے کا خطرہ موجود رہے گا۔ ایسی صورتحال میں امریکا کے لیے ایک ممکنہ راستہ خطے میں اپنی فوجی موجودگی یا بعض دفاعی ترجیحات میں کمی کرنا بھی ہوسکتا ہے۔ تاہم یہ فیصلہ امریکی فوجی حکمت عملی اور مشرق وسطیٰ میں موجود اتحادیوں کی سیکیورٹی پر بھی اثر ڈال سکتا ہے۔

بقیہ نمبر 2

ہے کہ ریسکیو کے اہل اور تجربہ کار ایمرجنسی افسران کی خدمات حاصل کی جا رہی ہیں، جو اسپتالوں میں ہنگامی تیاریوں اور فوری ردعمل کی نگرانی کریں گے، اور یہ افسران اسپتالوں میں ایمرجنسی رسپانس نظام مربوط بنانے کے ذمہ دار ہوں گے۔ مراسلے کے مطابق ایمرجنسی افسران کو واضح ذمہ داریوں اور کمانڈ سسٹم کے تحت کام سونپا جائے گا، اسپتالوں میں ایمرجنسی، سیکیورٹی اور فائر فائٹنگ ٹیموں میں رابطہ کاری افسران کی ذمہ داری ہوگی۔ اسپتالوں میں ایمرجنسی اخراج کے راستوں، آگ بجھانے کے انتظامات اور اقدامات کا معائنہ کیا جائے گا، ایمرجنسی افسران اسپتالوں میں ہنگامی مشقوں اور عملے کی تربیت میں بھی معاونت کریں گے۔ مراسلے کے مطابق ایمرجنسی افسران متعلقہ اسپتال کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ اور انتظامیہ سے رابطے میں رہتے ہوئے کام کریں گے۔

بقیہ نمبر 3

کے اعلامیہ کے مطابق صوبے میں گلیشیئر جھیلوں کے پھٹنے سے اچانک سیلاب اور تیز پانی کے بہاؤ کا خدشہ ہے۔ پی ڈی ایم اے کے مطابق گرمی اور 4 ستمبر تک وقفے وقفے سے بارشوں کے باعث گلیشیئر پگھلنے کا خطرہ ہے جس سے گلیشیئر والی جھیلوں کے حجم اور پانی کی سطح میں اضافے کا خدشہ ہے۔ پی ڈی ایم اے کا کہنا ہے کہ گلیشیئر جھیلوں کے پھٹنے سے اچانک سیلاب اور تیز پانی کے بہاؤ کا خدشہ بھی ہے۔ پی ڈی ایم اے نے چترال، دیر بالا، دیر زیریں، سوات، کوہستان بالا، کوہستان زیریں اور مانسہرہ کی انتظامیہ کو الرٹ جاری کر دیا۔ حساس مقامات میں انخلا کی مشقیں اور محفوظ مقامات کو تیار رکھنے کی ہدایت جاری کی گئی ہیں۔ ادھر محکمہ موسمیات کے مطابق مغربی ہوائیں پاکستان میں داخل ہو گئیں جس کے باعث ملک کے مختلف علاقوں میں بارشوں کا امکان ہے۔ اس دوران اسلام آباد، راولپنڈی اور گردونواح میں تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ موسلا دھار بارش متوقع ہے۔ مری اور گلیات سمیت کشمیر اور گلگت بلتستان کے بالائی علاقوں میں بھی تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے، بارشوں کے باعث بالائی علاقوں میں موسم مزید سرد اور خنک ہونے کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق خیبر پختونخوا کے مختلف اضلاع، جن میں دیر، سوات، کوہستان، بگرام، پشاور، نوشہرہ، ایبٹ آباد اور مانسہرہ شامل ہیں، میں بھی موسلا دھار بارش ہوسکتی ہے۔ پنجاب کے مختلف علاقوں جہلم، چکوال، اٹک، سیالکوٹ اور گجرات میں بھی تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش متوقع ہے۔ ادھر سندھ اور بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم گرم رہنے کا امکان ہے، تاہم ساحلی علاقوں میں مطلع جزوی ابر آلود رہ سکتا ہے۔ محکمہ موسمیات نے خبردار کیا ہے کہ بارشوں کا موجودہ سلسلہ 6 ستمبر تک جاری رہ سکتا ہے، جبکہ اس دوران بالائی اور پہاڑی علاقوں میں لینڈ سلائیڈنگ کا خدشہ بھی ہے۔ دوسری جانب دریائے سندھ میں چشمہ بیراج کے مقام پر پانی کی آمد میں نمایاں کمی کے بعد سیلابی صورتحال ختم ہوگئی اور پانی کی صورتحال نچلے درجے کے سیلاب سے معمول پر آ گئی۔ چشمہ بیراج ذرائع کے مطابق بیراج پر پانی کی آمد 2 لاکھ 6 ہزار 550 کیوسک ریکارڈ کی گئی، جبکہ اخراج 1 لاکھ 88 ہزار 250 کیوسک ہے۔ ذرائع کے مطابق چشمہ بیراج پر پانی کی سطح بھی کم ہوکر 646 فٹ ہوگئی ہے، پانی کی آمد میں کمی کے بعد چشمہ بیراج پر سیلابی کیفیت ختم ہوگئی ہے اور صورتحال معمول پر آنے لگی ہے۔

بقیہ نمبر 4

کیا جائے۔" کراچی والے غدار نہیں، پاکستانی ہیں اور انہیں سزا دینے کا سلسلہ بند کیا جائے۔" کراچی کے عوام اب کسی لسانی سازش کا شکار نہیں ہونا چاہتے۔ کراچی میں گروہی، لسانی اور فرقہ وارانہ سیاست کے بجائے قومی سیاست کو فروغ دیا جائے، کراچی میں ہونے والے حادثات اور شہریوں کی جان و مال کے تحفظ میں ناکامی کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کرکے ذمہ داروں کا تعین کیا جائے، کراچی نیشنل موومنٹ ریاست کی جانب سے نئے صوبے یا انتظامی یونٹس بنانے کے اقدام کی حمایت کرے گی، نئے صوبوں کی تشکیل زبان، نسل یا قومیت کی بنیاد پر نہیں بلکہ تاریخی، جغرافیائی، انتظامی اور معاشی بنیادوں پر ہونی چاہیے، صوبائی حیثیت کی صورت میں کراچی اپنے وسائل، بجٹ اور ترقیاتی ترجیحات کو براہ راست اپنی ضروریات کے مطابق استعمال کر سکے گا اور ایک منتخب حکومت شہریوں کے سامنے جواب دہ ہوگی۔ نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کراچی نیشنل موومنٹ کے کنوینر اشرف جبار قریشی، ہیڈ مہاجر اتحاد تحریک ڈاکٹر سلیم حیدر، سابق مشیر وزیر اعظم سردار اقبال، چیئرمین کراچی گرینڈ الائنس اسلم خان، چیئرمین فیڈرل ٹریڈرز الائنس ظفر الجمیل شیخ اور وائس چیئرمین گرینڈ الائنس سید یوسف امام نے کہا کہ کراچی منی پاکستان اور ملک کا معاشی، تجارتی و صنعتی مرکز ہے، تاہم طویل عرصے سے شہر کو اس کی معاشی اہمیت کے مطابق وسائل، اختیارات اور سہولیات نہیں مل رہیں، کراچی کو 1967 میں دارالحکومت کی منتقلی کے بعد مسلسل نظر انداز کیا گیا، جبکہ 1986ء کے بعد لسانی سیاست اور بدامنی نے شہر کے سماجی، معاشی اور تعلیمی ڈھانچے کو شدید نقصان پہنچایا۔ اس دوران ہزاروں خاندان متاثر ہوئے اور کراچی کے نوجوانوں کے لیے تعلیم، روزگار اور کاروبار کے مواقع محدود ہوتے گئے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ان کی جدوجہد کسی پنجابی، سندھی، مہاجر یا پختون کے خلاف نہیں بلکہ کراچی میں بسنے والے تمام شہریوں کے حقوق کے لیے ہے۔ رہنماؤں نے کہا کہ" کراچی والے غدار نہیں، پاکستانی ہیں اور انہیں سزا دینے کا سلسلہ بند کیا جائے۔" کراچی کے عوام اب کسی لسانی سازش کا شکار نہیں ہونا چاہتے اور ان کی جدوجہد کا مقصد شہر کو قومی دھارے میں

واپس لانا ہے۔ کراچی نیشنل موومنٹ کا نام ہی اس بات کا عکاس ہے کہ کراچی میں گروہی، لسانی اور فرقہ وارانہ سیاست کے بجائے قومی سیاست کو فروغ دیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی کے موجودہ سیاسی و انتظامی نظام نے شہریوں کو بنیادی مسائل کے حل کے لیے مختلف اداروں کے درمیان دھکے کھانے پر مجبور کر دیا ہے۔ پانی، صفائی، ٹرانسپورٹ، سڑکوں، بجلی، سیوریج، کچرے اور امن و امان کے معاملات مختلف اداروں میں تقسیم ہیں، جس کے باعث نہ کسی ایک ادارے کے پاس مکمل اختیار ہے اور نہ ہی کسی ایک کے پاس مکمل جواب دہی۔ نتیجتاً منصوبے اور اعلانات تو ہوتے ہیں لیکن شہری مسائل مستقل بنیادوں پر حل نہیں ہوتے۔ کراچی نیشنل موومنٹ کے رہنماؤں نے کہا کہ کراچی کو ایک جامع، طویل المدتی اور بااختیار انتظامی نظام کی ضرورت ہے جس میں اختیارات، وسائل اور جواب دہی تینوں واضح ہوں۔ ان کے مطابق صوبائی حیثیت کی صورت میں کراچی اپنے وسائل، بجٹ اور ترقیاتی ترجیحات کو براہ راست اپنی ضروریات کے مطابق استعمال کر سکے گا اور ایک منتخب حکومت شہریوں کے سامنے جواب دہ ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ کراچی صرف پاکستان کا سب سے بڑا شہر نہیں بلکہ ملک کی معیشت، تجارت، صنعت، بندرگاہوں اور مالیاتی نظام میں بنیادی کردار ادا کرتا ہے۔ اگر کراچی کو جدید انفراسٹرکچر، مؤثر پبلک ٹرانسپورٹ، مستقل پانی و بجلی، بہتر امن و امان اور بااختیار مقامی حکومت فراہم کی جائے تو اس کے ثمرات صرف کراچی نہیں بلکہ پورے پاکستان کو حاصل ہوں گے۔ رہنماؤں نے حالیہ سانحات اور شہری مسائل میں مبینہ دوہرے معیار پر بھی سوالات اٹھاتے ہوئے کہا کہ کراچی میں گل پلازہ سانحے میں 75 سے زائد افراد کی جانیں ضائع ہوئیں اور اربوں روپے کا نقصان ہوا، تاہم ذمہ داروں کے خلاف وہ ردعمل سامنے نہیں آیا جس کی شہری توقع رکھتے تھے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ کراچی میں ہونے والے حادثات اور شہریوں کی جان و مال کے تحفظ میں ناکامی کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کرکے ذمہ داروں کا تعین کیا جائے، کسی بھی صوبے کو کسی ایک لسانی گروہ کی ملکیت قرار نہیں دیا جاسکتا بلکہ وہاں آباد تمام شہری برابر کے حقوق رکھتے ہیں۔ رہنماؤں نے مطالبہ کیا کہ کراچی کی انتظامی و سیاسی قیادت کو تبدیل کرکے شہر کے حقیقی مسائل کو سمجھنے والی بااختیار قیادت سامنے لائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی کے عوام کو نمائندگی کے نام پر ایسے سیاسی ڈھانچوں کے حوالے نہیں کیا جاسکتا جو شہریوں کے بنیادی مسائل حل کرنے میں ناکام ثابت ہوئے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ نئے انتظامی یونٹس یا صوبوں کے قیام کے دوران امن و امان کی صورتحال کو بھی خصوصی اہمیت دی جائے اور کسی بھی ممکنہ بدامنی سے نمٹنے کے لیے مؤثر حفاظتی اقدامات کیے جائیں، کیونکہ کراچی میں کسی نئے سانحے کے متحمل ہونے کی گنجائش نہیں۔ کراچی نیشنل موومنٹ کے رہنماؤں نے صحافیوں سے مخاطب ہوتے ہوئے کہا کہ" ہم کراچی کسی لسانی تقسیم کے لیے نہیں بلکہ قومی یکجہتی کے لیے آئے ہیں۔ ہمارا مطالبہ کراچی کے چار کروڑ شہریوں کے لیے اختیار، وسائل اور جواب دہی ہے۔" انہوں نے کہا کہ کراچی کو بااختیار انتظامی اکائی بنانے کا مقصد پاکستان کو کمزور کرنا نہیں بلکہ ملک کے سب سے بڑے معاشی مرکز کو مضبوط بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی کو صوبہ بنانے کی بحث کو لسانی یا سیاسی تنازع بنانے کے بجائے انتظامی اصلاحات، بہتر حکمرانی اور عوامی اختیار کے تناظر میں دیکھا جائے۔ کراچی کا صوبہ بن جانا محض نقشے پر ایک نئی لکیر نہیں بلکہ اختیار، وسائل، ترقی اور جواب دہی کا نام ہے۔

بقیہ نمبر 5

ہے۔ علاقہ مکینوں کے مطابق گندگی کو ایک تالاب اور اس کے اطراف پھینکے جانے سے صاف پانی بھی آلودہ ہونے کا خدشہ پیدا ہو گیا ہے۔ مکینوں کا کہنا ہے کہ صفائی کے مسئلے کے حوالے سے متعلقہ ہیلپ لائن پر متعدد بار شکایات درج کرائی گئیں، تاہم تاحال مؤثر کارروائی عمل میں نہیں لائی گئی۔ گندگی کے ڈھیر سے اٹھنے والے تعفن اور بدبو کے باعث اہل علاقہ خصوصاً بزرگوں، بچوں اور خواتین کو مشکلات کا سامنا ہے، جبکہ مختلف بیماریوں کے پھیلنے کا خدشہ بھی ظاہر کیا جا رہا ہے۔ علاقہ مکینوں کے مطابق فلتھ ڈپو کے قریب ایک دینی درسگاہ بھی قائم ہے جہاں یتیم بچوں کو دینی تعلیم دی جاتی ہے۔ گندگی اور بدبو کے باعث درسگاہ آنے والے طلبہ، اساتذہ اور نمازیوں کو بھی دشواری کا سامنا ہے

بقیہ نمبر 6

القادری بانی و مہتمم ادارہ کنزالایمان پنڈوڑیاں شریف اسلام آباد۔ جگر گوشہ و جانشین ابوالاسد صاحبزادہ علی عباس حقانی نے مرکز اہل سنت ادارہ کنزالایمان پنڈوڑیاں شریف اسلام آباد میں طلباء کی تربیتی نشست برائے ایصال ثواب پیر سید شاہ محمد کمال شاہ کاظمی طوری شریف ایبٹ آباد سے خطاب کرتے ہوئے کیا تقریب کی نگرانی صاحبزادہ علی عباس حقانی نے کی انہوں نے پیر صاحب طوری شریف کے جملہ شہزادگان خاندان وابستگان تلامذہ خلفاء سے اظہار تعزیت اور درجات بلندی کے لیے خصوصی دعا کی تربیتی نشست میں تلاوت قرآن پاک نعت منقبت اور درود شریف قصیدہ بردہ شریف طلباء پیش کیا

بقیہ نمبر 7

جھگڑے، تفصیلات کے مطابق مانسہرہ سمیت ہزارہ بھر میں سی این جیز کی جاری لوڈ شیڈنگ شیڈول مزید سخت کردیا گیا ہے ذرائع کے مطابق صبح 7 تا 9 بجے تک صرف دو گھنٹے جبکہ شام 7 بجے تا رات نو بجے تک دو گھنٹے سی این جی کو گیس فلنگ کی اجازت دی گئی ہے جبکہ اس کے بعد تمام سی این جی بند کر دیے جاتے ہیں جبکہ گزشتہ اتوار و پیر کی درمیانی شب سوئی گیس حکام نے RM کی ہدایت پر کاروائی کے دوران مانسہرہ میں گیس لوڈشیڈنگ کی خلاف ورزی کے مرتکب متعدد سی این جی اسٹیشن سیل کر دیئے جن میں بعض نامی گرامی سی این جی بھی شامل ہیں سی این جی گیس کی لوڈشیڈنگ کے باعث چھوٹی بڑی گاڑیوں والے گیس کے اصول کیلئے دن رات سڑکوں پر ذلیل و خوار ہو رہے ہیں جبکہ سی این جیز کی طویل لوڈ شیڈنگ و بندش کی وجہ سے ٹرانسپورٹرز و ٹیکسی والوں کا کاروبار زندگی معطل ہو کر رہ گیا ہے جبکہ ایبٹ آباد مانسہرہ و ہری پور کے بعض مقامات پر بعض سی این جی اسٹیشنز پر لڑائی جھگڑوں کی اطلاعات آ رہی ہیں

بقیہ نمبر 8

اپنی ٹیم کے ہمراہ قتل کیس کے ملزمان کی گرفتاری کیلئے جھنگ روڈ پر واقع گاں جھپال میں چھاپہ مارا۔ پولیس پارٹی کے پہنچتے ہی ملزمان نے قانون نافذ کرنے والے اداروں پر فائرنگ شروع کر دی۔ فائرنگ کے اس تبادلے کے دوران کانسٹیبل ابرار علی کے سر میں گولی لگ گئی، جس کے نتیجے میں وہ شدید زخمی ہو گئے۔ ساتھی اہلکاروں نے زخمی کانسٹیبل کو فوری طور پر اسپتال منتقل کیا، تاہم وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے راستے میں یا اسپتال پہنچ کر دم توڑ گئے اور جام شہادت نوش کر لیا۔ پولیس نے موقع پر بھرپور جوابی کارروائی کرتے ہوئے چاروں ملزمان بلال، عبدالحنان، حماد اور زبیر کو حراست میں لے لیا۔ ملزمان کے قبضے سے ناجائز اسلحہ بھی برآمد کر لیا گیا ہے۔ پولیس نے ملزمان کے خلاف قتل، پولیس پر حملہ اور دہشت گردی سمیت دیگر متعلقہ دفعات کے تحت مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی ہے۔

بقیہ نمبر 9

کرے اور گلوبل ساؤتھ کو باہمی آواز فراہم کرے۔ کرغزستان کے دارالحکومت بشکیک میں ہونے والے شنگھائی تعاون تنظیم (SCO) کے سربراہی اجلاس کے حوالے سے ایک میڈیا انٹرویو میں مسعود خان نے کہا کہ دوسری جنگ عظیم کے بعد قائم ہونے والا بین الاقوامی نظام بڑھتی ہوئی جغرافیائی کشیدگی، بلاکوں کی سیاست، یکطرفہ پن اور حل طلب تنازعات کے باعث غیر معمولی چیلنجز کا سامنا کر رہا ہے۔

بقیہ نمبر 10

گیلانی کو 2010 میں گھر میں نظر بند کر کے غیر قانونی طور پر حراست میں رکھا گیا، جبکہ زندگی کے آخری سالوں میں انہیں تازہ ہوا اور اپنی سنگین بیماریوں کے علاج کے لیے طبی سہولیات سے بھی محروم رکھا گیا۔ انہوں نے کہا کہ حراست میں ایک بیمار رہنما کی جیسے سے ان کی زندگی کی آخری دہائی اس بات کا ثبوت ہے کہ بھارت کشمیری عوام بالخصوص جموں و کشمیر کے مقبول سیاسی رہنماؤں کے ساتھ کس قدر نفرت اور تعصب پر مبنی سلوک روا رکھتا ہے جبکہ وہ خود کو کشمیریوں کا نجات دہندہ قرار دیتا ہے۔ محمد فاروق رحمانی نے کہا کہ سید علی گیلانی حراست کی بیڑیوں میں دنیا سے رخصت ہوئے لیکن اپنی آخری سانس تک آزادی اور حق خود ارادیت کے اپنے نظریے پر سمجھوتہ نہیں کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس سے تازہ عزم جموں و کشمیر کے حوالے سے بھارت کا محدود دور اور تنگ نظر رویہ مزید بے نقاب ہوا۔ انہوں نے کہا کہ سید گیلانی نے نہ صرف ایک پرامن سیاسی جدوجہد کی بلکہ کشمیر سے فلسطین تک انسانی حقوق کی بگڑتی ہوئی صورتحال کے خلاف بھی اپنی آواز بلند کی۔ انہوں نے عالمی برادری اور انسانی حقوق کے عالمی اداروں پر زور دیا کہ وہ اپنے اصولوں کو عملی اقدامات میں تبدیل کریں اور کشمیر کے مظلوم عوام کے حق خود ارادیت کی حمایت کریں۔ انہوں نے مسلم دنیا کے ساتھ ساتھ افریقی، لاطینی امریکہ اور مشرقی یورپ کے ممالک سے بھی اپیل کی کہ وہ دنیا کے مظلوم اور ظلم و بربریت کا شکار عوام اور اقوام کے لیے اپنی آواز بلند کریں۔

بقیہ نمبر 11

کنٹرول کو جہاز میں آگ لگنے کی سنگین صورتحال سے آگاہ کیا۔ ٹیک آف کرنے کے 12 منٹ بعد واپس اس مسافر جہاز کو ٹورنٹو ایئرپورٹ پر ہنگامی لینڈنگ کروائی گئی۔ فلائٹ پی کے 784 کے پائلٹ کو ٹیک آف کرنے کے کچھ ہی دیر بعد اپنے پینل پر آگ کی نشاندہی کرنے والے سگنل موصول ہوئے تھے۔ جہاز کے عملے نے آگ کی صورتحال کی تصدیق کی جس کے بعد پائلٹ نے ٹورنٹو ایئرپورٹ کے ایئر ٹریفک کنٹرول سے ہنگامی لینڈنگ کی اجازت طلب کی۔ مسافروں سے بھرے جہاز میں آگ لگنے کی اطلاع ملتے ہی ٹورنٹو ایئرپورٹ پر ہنگامی حالت نافذ کر دی گئی۔ فوری طور پر فائر بریگیڈ اور ریسکیو اسٹاف کو رن وے پر پہنچایا گیا۔ ہنگامی لینڈنگ کے فوراً بعد فائر بریگیڈ کا عملہ طیارے کے کارگو ہولڈ کی چیکنگ میں مصروف ہے۔ اس مسافر طیارے میں 130 مسافر سوار ہیں جنہیں لینڈنگ مکمل ہوتے ہی طیارے سے ایئرپورٹ کے لاؤنج میں منتقل کر دیا گیا ہے۔ پرواز نے پیر کی دوپہر کراچی ایئرپورٹ پر لینڈ کرنا تھا

بقیہ نمبر 12

سلسلہ جاری ہے۔ اس دوران ڈولفن ٹیم نے مشکوک رکشہ کو رکنے کا اشارہ کیا تو ڈرائیور نے فرار ہونے کی کوشش کی، جسے ناکام بناتے ہوئے ٹیم نے موقع پر رکشہ راؤنڈ اپ کر لیا۔ ترجمان ڈولفن کے مطابق کارروائی میں ملزم کو گرفتار کر لیا گیا، جس کے قبضے سے 2 جدید رائفلیں، گولیاں اور میگزینز برآمد ہوئے۔ ملزم نے دونوں رائفلوں کو بوری میں چھپایا ہوا تھا، جبکہ گرفتار ملزم کی شناخت جماعت علی کے نام سے ہوئی ہے۔ ملزم جماعت علی کو اسلحہ سمیت مزید کارروائی کے لیے تھانہ برکی کے حوالے کر دیا گیا ہے۔ ایس پی ڈولفن بلال احمد نے کہا کہ ڈولفن اسکواڈ شہریوں کی جان و املاک کی حفاظت کے لیے پرعزم ہے اور جرائم پیشہ افراد کے خلاف ڈولفن اسکواڈ کمربستہ ہے۔

بقیہ نمبر 13

بتایا کہ میں 3 دن سے نہا نہیں سکی، ہمیں طبی سہولت نہیں مل رہی اور کپڑے بھی صاف نہیں ہیں۔ بن گویر نے جواب میں کہا کہ جیلوں میں بہتر حالات کا دور ختم ہو چکا ہے، موجودہ صورت حال یہی ہے اور میں ان حالات کی براہ راست ذمے داری قبول کرتا ہوں، جیل کے تمام حالات سے مطمئن ہوں۔ بن گویر نے اپنی سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ میں جیلوں میں انتہائی کم سے کم سہولتوں کی پالیسی جاری رکھوں گا۔ بن گویر نے ان حالات کا جواز غزہ میں موجود اسرائیلی قیدیوں کے حالات کو قرار دیا ہے۔ دوسری جانب فلسطینی کمیشن برائے زیرحراست افراد نے بن گویر کے خواتین قیدیوں کی جیل میں داخل ہونے اور ویڈیو بنانے کی شدید مذمت کرتے ہوئے اس عمل کو دھمکانے اور تذلیل کی کوشش قرار دیا ہے۔ کمیشن کے مطابق یہ دورہ کسی معائنے کے لیے نہیں تھا بلکہ ایک سیاسی تماشہ اور کیمروں کے سامنے خواتین قیدیوں کے خلاف اشتعال انگیزی تھی جس کا مقصد خواتین کو خوف زدہ کرنا اور ان کے حوصلے کو توڑنا تھا۔ فلسطینی قیدیوں کی سوسائٹی نے بھی ویڈیو کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ خواتین قیدیوں کی ویڈیو بنا کر اسے نشر کرنا ان کی انسانی عزت و وقار پر حملہ ہے۔ تنظیم کے مطابق رہا ہونے والی قیدیوں اور زیر حراست افراد کی سیکڑوں گواہیوں میں اسرائیلی جیلوں اور حراستی مراکز میں سنگین بدسلوکی کی نشاندہی کی گئی ہے۔ واضح رہے کہ بن گویر نے 2022 کے آخر میں وزیر برائے قومی سلامتی کا منصب سنبھالنے کے بعد فلسطینی قیدیوں کے لیے سخت حالات کی پالیسی اختیار کی تھی۔ جس میں خوراک اور پانی کی فراہمی کم کرنا، اہل خانہ سے ملاقاتوں پر پابندیاں، نہانے کے اوقات محدود کرنا اور جیل کے اندر مختلف سہولتوں اور مراعات کو ختم کرنا شامل ہے۔ انہوں نے سیکڑوں فلسطینی قیدیوں کو مختلف جیلوں میں منتقل کرنے کی بھی نگرانی کی ہے۔ 2025 میں بن گویر نے اسرائیلی عدالت کے اس حکم کی بھی مخالفت کی تھی جس میں فلسطینی قیدیوں کو مناسب خوراک فراہم کرنے کی ہدایت دی گئی تھی۔ بن گویر نے اس کے باوجود سخت حالات برقرار رکھنے پر زور دیا تھا۔ فلسطینی کمیشن برائے زیر حراست افراد کے مطابق اس وقت تقریباً 9,400 فلسطینی اسرائیلی جیلوں میں قید ہیں جن میں 88 خواتین اور 350 سے زائد بچے شامل ہیں۔

بقیہ نمبر 14

کا مقدمہ درج کروا دیا اور ملزمان کی فوری گرفتاری اور انصاف کی فراہمی کا مطالبہ کیا ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق مبینہ طور پر ملزمان نے بچی کے ساتھ زیادتی اور قتل کرنے کے بعد نعش کو دفنا دیا تھا، تاہم واقعے کی اطلاع ملنے پر قانونی کارروائی کیلئے نعش کو قبر سے نکال کر پوسٹ مارٹم کیلئے سول ہسپتال کوئٹہ منتقل کر دیا گیا ہے۔ وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاءاللہ لانگو نے نوشکی کے علاقے احمد وال میں پیش آنے والے افسوسناک واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے ایس پی نوشکی اور ڈی آئی جی رخشان ڈویژن سے رپورٹ طلب کر لی۔ معاون برائے داخلہ حکومت بلوچستان بابر یوسفزئی کے مطابق وزیر داخلہ نے واقعے میں ملوث ملزمان کی فوری گرفتاری کے احکامات جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ قانون نافذ کرنے والے ادارے ملزمان کو جلد از جلد گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لائیں۔ دوسری جانب، ایس پی نوشکی سلیم شاہوانی کے مطابق پولیس نے بچی کے ساتھ مبینہ زیادتی میں ملوث ایک ملزم کو گرفتار کر لیا ہے جبکہ دیگر ملزمان کی گرفتاری کیلئے مختلف مقامات پر چھاپے مارے جا رہے ہیں۔ پولیس کا کہنا ہے کہ واقعے کی مزید تحقیقات جاری ہیں اور تمام پہلوؤں کو مدنظر رکھتے ہوئے کارروائی عمل میں لائی جا رہی ہے جبکہ پوسٹ مارٹم رپورٹ آنے کے بعد واقعے کے حوالے سے مزید حقائق سامنے آنے کی توقع ہے۔

بقیہ نمبر 15

وقفے وقفے سے جبری لوڈشیڈنگ جاری ہے، بعض علاقوں میں ہر گھنٹے کے بعد ایک گھنٹے کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کی جا رہی ہے، جبکہ بلال آباد فیڈرز 2 سے 6 گھنٹے تک بجلی بند رکھنے کی اطلاعات ہیں۔ رات کے اوقات میں بجلی کی آنکھ مچولی نے شہریوں کی نیندیں بھی متاثر کر دی ہیں، شام اور رات کے وقت بار بار بریک ڈاؤن کے باعث صورتحال مزید خراب ہو جاتی ہے۔ ذرائع کے مطابق لوڈشیڈنگ کے بعد بجلی بحال ہوتے ہی بعض علاقوں میں ٹرانسفارمرز کے جمپر اترنے اور دیگر تکنیکی خرابیوں کی شکایات سامنے آتی ہیں، جس کے باعث صارفین کو مزید کئی گھنٹے بجلی سے محروم رہنا پڑتا ہے۔ گنجان آباد علاقوں میں تکنیکی خرابیوں اور ٹرانسفارمرز خراب ہونے کی شکایات میں بھی

نمایاں اضافہ ہوا ہے، ٹرانسفارمر خراب ہونے کی صورت میں شہریوں کو طویل دورانیے تک بجلی کی بحالی کا انتظار کرنا پڑتا ہے۔ ذرائع کے مطابق دن کے اوقات میں سولر سسٹمز کے استعمال کے باعث لیسکو کی بجلی کی طلب تقریباً 3500 سے 3700 میگاواٹ تک رہتی ہے، تاہم رات کے وقت سولر سسٹمز بند ہونے کے بعد طلب بڑھ کر تقریباً 5200 میگاواٹ تک پہنچ جاتی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ طلب اور رسد میں فرق کے باعث رات کے اوقات میں لوڈمینجمنٹ کا دائرہ بڑھ جاتا ہے، جس سے مختلف علاقوں میں بجلی کی بندش میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ اس کے علاوہ پنجاب کے مختلف شہروں شیخوپورہ، فیصل آباد، سیالکوٹ میں بھی وقفے وقفے سے طویل لوڈشیڈنگ جاری ہے، جس کے باعث شہری پریشانی میں مبتلا ہو چکے ہیں اور کاروبار زندگی شدید متاثر ہو رہا ہے۔ دوسری جانب پشاور میں بھی بجلی کی لوڈشیڈنگ کا سلسلہ جاری ہے جس کے خلاف شہری سڑکوں پر نکل آئے۔ مظاہرین نے تہکال کے مقام پر یونیورسٹی روڈ بند کر دیا۔ مظاہرین نے بجلی کی ناروا لوڈشیڈنگ فوری ختم کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ نہ رات کو بجلی ہوتی ہے، نہ دن کو، بجلی کی لوڈشیڈنگ سے شدید مشکلات کا شکار ہیں۔

بقیہ نمبر 16

کی اور ان کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے معالجین سے چوہدری محمود بشیر ورک کی صحت اور علاج معالجے کے حوالے سے تفصیلات بھی حاصل کیں۔ انہوں نے اس امید اور اعتماد کا اظہار کیا کہ چوہدری محمود بشیر ورک جلد صحت یاب ہو کر اپنی پارلیمانی اور عوامی ذمہ داریاں حسب سابق بھرپور انداز میں انجام دینا شروع کر دیں گے۔ چوہدری محمود بشیر ورک نے اپنی عیادت کے لیے اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی ہسپتال آمد پر ان کا شکریہ ادا کیا اور ان کی دعاؤں اور نیک تمناؤں پر اظہار تشکر کیا۔

بقیہ نمبر 17

نئی فورس صفائی چارجز کے بلوں کی تقسیم، نادہندگان سے فالو اپ اور واجبات کی ریکوری کی ذمہ داری بھی انجام دے گی۔ فورس کی نگرانی کے لیے ایک ڈائریکٹر اور 4 ڈپٹی ڈائریکٹر تعینات کرنے کی سفارش کی گئی ہے، مجوزہ فورس خصوصی طور پر ستھرا پنجاب پروگرام کے لیے ڈی جی ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے ماتحت کام کرے گی۔ یہ بھی پڑھیں: مکہ مکرمہ میں قرآن مجید کا صدیوں پرانا نایاب نسخہ زائرین کے لیے پیش فیلڈ میں صفائی چارجز کی وصولی کے لیے فورس کو 300 الیکٹرک موٹر سائیکلیں فراہم کرنے کی تجویز ہے، جبکہ نگرانی اور انفورسمنٹ کے لیے ایک 1300 سی سی کار اور 4 کلٹس گاڑیاں خریدنے کی سفارش کی گئی ہے۔ دستاویزات کے مطابق 300 الیکٹرک موٹر سائیکلوں اور 5 گاڑیوں کی خریداری کے لیے 11 کروڑ 30 لاکھ روپے مانگے گئے ہیں، جبکہ نئی آسامیوں اور گاڑیوں کے اخراجات پورے کرنے کے لیے سپلیمنٹری گرانٹ جاری کرنے کی تجویز بھی زیر غور ہے۔

بقیہ نمبر 18

ہی۔ یہ کانفرنس پیغام پاکستان کی زیر صدارت ہوئی۔ کانفرنس میں مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے جید علما کرام میں ڈاکٹر مفتی میر اشتیاق ایڈووکیٹ، سید اعجم شاہ بخاری، صاحبزادہ سید عطاءاللہ شاہ بخاری، آغا نیر جعفری، حافظ امجد اسلام، مولانا عطا الرحمان مدنی۔ مولانا افتخار کھوکھر کے علاوہ پاکستان میں آباد غیر مسلم کمیونٹی نے بھی بھرپور شرکت کی۔ سکھ، ہندو اور کرسچن کمیونٹی سردار انوپ سنگھ، پنڈت راکیش چند، جبران گل مسیح نے اس تقریب کو حقیقی معنوں میں بین المذاہب ہم آہنگی کی ایک خوبصورت مثال بنا دیا۔ مقررین نے کہا کہ مختلف مذاہب کے نمائندوں کا ایک پلیٹ فارم پر جمع ہونا اس بات کا ثبوت ہے کہ پاکستان کی اصل طاقت اس کے لوگوں کے درمیان محبت، احترام اور باہمی تعاون میں پوشیدہ ہے۔ اس اہم کانفرنس میں مختلف علما کرام اور مذہبی رہنماؤں نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے معاشرے میں امن اور برداشت کے فروغ پر زور دیا۔ خصوصاً میر اشتیاق احمد ایڈووکیٹ کا بین المذاہب ہم آہنگی کے حوالے سے خطاب انتہائی مؤثر اور متاثر کن تھا۔ ان کا خطاب اس بات کی یاد دہانی تھا کہ ایک مضبوط اور ترقی یافتہ معاشرہ صرف معاشی ترقی سے نہیں بلکہ باہمی احترام، انصاف اور مذہبی آزادی سے تشکیل پاتا ہے۔ صاحبزادہ عطاءاللہ شاہ بخاری نے بھی رحمت اللعالمین کانفرنس برائے بین المذاہب ہم آہنگی پہ بہت زبردست بات کی حاضرین محفل کو حضور پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حسن اخلاق پر بڑے اچھے طریقے سے بیان کیا سکھ برادری کی نمائندگی کرتے ہوئے سردار انوپ سنگھ نے بھی نہایت خوبصورت انداز میں اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ انہوں نے سکھ مذہبی تعلیمات اور گرو نانک کی تعلیمات کے حوالے پیش کرتے ہوئے اس بات کو اجاگر کیا کہ حضور اکرم حضرت محمد ﷺ کی ذات مبارک پوری انسانیت کے لیے رحمت، محبت اور امن کا پیغام ہے۔ ان کے خطاب نے کانفرنس کے بنیادی مقصد کو مزید مضبوط کیا کہ مذاہب کا اصل پیغام انسانوں کو جوڑنا ہے، توڑنا نہیں۔ ہندو برادری کی نمائندگی کرتے ہوئے راکیش چند نے بھی حضور اکرم ﷺ کو پوری انسانیت اور دونو

بقیہ نمبر 19

ٹریفک کے نظام کو مزید بہتر کرنے اور ٹریفک قوانین پر عملدرآمد کو یقینی بنانے کیلئے خصوصی اقدامات کا آغاز جاری ہے، اس سلسلے میں اسلام آباد ٹریفک پولیس کا نو پارکنگ اور فٹ پاتھ پر غیر قانونی پارکنگ کی خلاف ورزی کرنے والے ڈرائیورز کے خلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، اسلام آباد ٹریفک پولیس نے وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے شاپنگ مالز، مارکیٹس، تجارتی مراکز اور بڑی شاہراہوں میں غیر قانونی پارکنگ کیخلاف کریک ڈاؤن جاری رکھتے ہوئے خصوصی ٹیمیں بھی تشکیل دی ہیں، چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد کاشانات اظہر خان نے تمام زونل ڈی ایس پیز کو خصوصی طور پر ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ اسلام آباد میں ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں کو کم کرنے کے لئے قوانین پر سختی سے عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے اور ٹریفک کے بہاؤ ٭ میں رکاوٹ بننے والے عناصر خصوصاً جو ٹریفک ڈسپلن کو متاثر کرتے ہیں ان کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کو مزید سخت اور مؤثر بنایا جائے، انہوں نے مزید کہا کہ تجارتی مراکز میں پارکنگ کے لیے مختص جگہ پر پارکنگ کو یقینی بناتے ہوئے نو پارکنگ کی خلاف ورزی کرنے والوں کو رعایت نہ دی جائے، فٹ پاتھ پر پیدل چلنے والوں کا حق ہے فٹ پاتھ پر کسی قسم کی پارکنگ یا رکاوٹ برداشت نہیں کی جائے گی تجارتی مراکز میں آنے والے شہریوں کو ہر ممکن سہولیات فراہم کی جائیں گی، شہریوں سے اپیل ہے کہ وہ قانون کی پاسداری کرتے ہوئے اسلام آباد پولیس سے تعاون کریں تاکہ شہر میں مربوط ٹریفک کے نظام کو برقرار رکھا جاسکے۔

بقیہ نمبر 20

اور صنعت کاروں کی نمائندہ تنظیم ہے۔ اس لیے قیادت بھی ایسی ہونی چاہیے جو تاجروں کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر اجاگر کرے، حکومتی اداروں کے سامنے کاروباری برادری کا مؤثر مقدمہ پیش کرے اور ممبران کے حقوق کے تحفظ کے لیے عملی کردار ادا کرے۔ انہوں نے کہا کہ انتخابات میں ایک طرف برسوں سے چلے آنے والے روایتی دھڑے کی انتخابی مہم ہے جبکہ دوسری طرف تبدیلی اور حقیقی نمائندگی کا بیانیہ تاجر برادری میں جگہ بنا رہا ہے۔ اس بار چیمبر کے ممبران کے پاس موقع ہے کہ وہ روایتی سیاست اور گروہی وابستگی سے بالاتر ہو کر ایسے امیدواروں کا انتخاب کریں جو تاجروں کے مسائل حل کرنے کی صلاحیت اور عملی وژن رکھتے ہوں۔ خواجہ محمد اعجاز، راجہ طیب محمود اور خواجہ عادل جاوید نے کہا کہ انتخابی مہم میں بلند بانگ دعووں کی بجائے گزشتہ کارکردگی اور تاجروں کے لیے کیے گئے عملی اقدامات کو معیار بنایا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ تاجر برادری باشعور ہے اور وہ اس مرتبہ

فیصلہ کرے گی کہ چیمبر کی قیادت کو روایتی انداز میں چلانا ہے یا نئی قیادت کو موقع دے کر تبدیلی کی بنیاد رکھنی ہے۔ تاجر رہنماؤں نے کہا کہ راولپنڈی چیمبر کے انتخابات اب محض عہدوں کا مقابلہ نہیں رہے بلکہ یہ تسلسل اور تبدیلی کے درمیان فیصلہ کن مقابلہ بنتے جا رہے ہیں۔ انہوں نے چیمبر کے تمام ممبران سے اپیل کی کہ وہ اپنا ووٹ ایسے امیدواروں کو دیں جو تاجروں کے حقوق کا تحفظ، کاروباری سرگرمیوں کے فروغ اور چیمبر کی مؤثر نمائندگی کو اپنی اولین ترجیح بنائیں۔ تاجر حلقوں میں انتخابی سرگرمیوں میں تیزی کے ساتھ مقابلہ دلچسپ ہوتا جا رہا ہے، جبکہ تبدیلی کے بیانیے نے روایتی انتخابی صف بندی کو بھی چیلنج کر دیا ہے

بقیہ نمبر 21

آپریشنز کا سلسلہ جاری ہے۔ اس سلسلے میں زونل ایس پیز کی زیر نگرانی مختلف علاقوں میں گرینڈ سرچ اور کومبنگ آپریشن کیے گئے۔ سرچ آپریشنز کے دوران 209 افراد، 120 گھروں، چھ دکانیں، تین ہوٹل، 148 موٹر سائیکلوں اور 64 گاڑیوں کو چیک کیا گیا جبکہ جانچ پڑتال کیلئے چار مشکوک افراد اور 14 موٹر سائیکلوں کو مختلف تھانہ جات منتقل بھی کیا گیا۔ مزید براں غیر قانونی اسلحہ رکھنے میں ملوث ملزمان کو گرفتار کر کے مختلف بور کے دو پستول معہ ایمونیشن بھی برآمد کئے گئے۔ ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے کہا کہ سرچ آپریشنز کا مقصد جرائم پیشہ عناصر کے گرد گھیرا تنگ کرنا اور شہر بھر میں سکیورٹی کو مؤثر بنانا ہے، سرچ آپریشنز ضلع بھر کے مختلف علاقوں میں کیے جا رہے ہیں۔ اسلام آباد پولیس کا جرائم پیشہ عناصر، قبضہ مافیا اور منشیات فروشوں کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ شہریوں سے گزارش ہے کہ کسی بھی مشکوک سرگرمی کے متعلق متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن پکار 15 پر فوری اطلاع دیں۔

بقیہ نمبر 22

عرب بھیجنا چاہتا تھا جسکے سلسلہ میں اسکی ملاقات راجہ محسن نامی سب ایجنٹ سے ہوئی جس نے اسے یقین دلایا کہ وہ جلد ہی اسکے بیٹے محمد سفیر کو بیرون ملک بھجوا دے گا اور اس نے اس سے ڈیڑھ لاکھ روپے اور بچے کا پاسپورٹ و شناختی کارڈ لے لیا مگر اسکے بعد راجہ محسن نامی شخص اسکے بچے کو باہر بھجوانے کی بجائے اسکو ٹالنے لگا اور تقریباً 2 سال گزرنے کے باوجود نہ اسکی زندگی بھر کی جمع پونجی واپس کر رہا ہے اور نہ ہی اسکے بچے کے ڈاکومنٹس، محمد ذاکر نے ڈائریکٹر ایف آئی اے کو بتایا کہ اسکے ساتھ راجہ محسن نے نوسربازی کی ہے اور اسکو ذہنی و مالی نقصان پہنچایا جس وجہ سے اسکے حالات دن بدن بد سے بدتر ہوتے جا رہے ہیں لہذا راجہ محسن نامی نوسرباز خود کو ریلوے کا ملازم ظاہر کرتا ہے کو نشان عبرت بنا کر اسکی رقم و بیٹے کے پاسپورٹ و شناختی کارڈ واپس دلایا جائے، یاد رہے کہ محمد ذاکر کے ساتھ ہونے والی مبینہ نوسربازی بابت مقامی رپورٹر نے راجہ محسن سے رابطہ کیا اور اسکا موقف لینے کی کوشش کی مگر راجہ محسن نے کہا کہ وہ متاثرہ شخص ذاکر سے بات کر کے موقف دے گا جو کہ بعد میں اس نے نہ دیا

بقیہ نمبر 23

توسیع سعدیہ بانو کے علاوہ محکمہ زراعت کے دیگر افسران اور زمینداروں نے شرکت کی۔ قرعہ اندازی میں کل 56 درخواستوں میں سے 27 خوش نصیب کاشتکاروں کے نام قرعے نکلے۔ جن میں سے 12 کاشتکار تحصیل راولپنڈی اور تحصیل ٹیکسلا سے، 12 کاشتکار تحصیل گوجر خان سے جبکہ 3 کاشتکار تحصیل کہوٹہ اور تحصیل کلر سیداں سے شامل ہیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کے خطہ پوٹھوار کے لئے زرعی ٹرانسفارمیشن پلان کے تحت 3 سالوں میں کل 600 منی ڈیمز 70 فیصد سبسڈی پر راولپنڈی ڈویژن اور ضلع خوشاب میں تعمیر مکمل کی جائے گی۔ جن میں سے راولپنڈی ڈویژن میں منصوبے کے پہلے سال 111 منی ڈیمز کی تعمیر مکمل ہو چکی ہے۔ ان منی ڈیمز کی تعمیر سے خطہ پوٹھوار میں پانی کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے گا اور آبی وسائل کو بڑھایا جائے گا۔ ان ڈیمز کی مدد سے کاشتکار اپنی فصلات، باغات اور سبزیات کو آبپاش کر سکیں گے جس سے نہ صرف ان کی پیداوار اچھی ہوگی بلکہ وہ ملکی ترقی میں بھی اپنا کردار ادا کر سکیں گے۔ اس موقع پر تقریب کے مہمان خصوصی ایم پی اے و چیئرمین وزیر اعلیٰ انسپکشن ٹیم پنجاب راجہ محمد حنیف نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب نے چند سالوں میں زراعت کی ترقی کے لئے تاریخ ساز اقدامات اٹھائے ہیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کی طرف سے خطہ پوٹھوار کے لئے زرعی ٹرانسفارمیشن پلان کا آغاز اس خطہ کے کاشتکاروں کے لئے ایک انمول تحفہ ہے

بقیہ نمبر 24

کا اظہار شیعہ علماء کونسل پاکستان علامہ اشفاق وحیدی نے عید میلادالنبیؐ اور سیرت مصطفیؐ کے موضوع پر منعقدہ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ کانفرنس میں کرسچن کمیونٹی کے رہنما پاسٹر سہیل پرویز نے اپنے وفد کے ہمراہ خصوصی شرکت کی۔ پاسٹر سہیل پرویز نے بین المذاہب ہم آہنگی پر زور دیتے ہوئے کہا کہ حضرت محمد مصطفیٰؐ تمام جہانوں کے لیے محبت اخوت بھائی چارے کے پیغام عمل اور کردار کے ذریعہ جدوجہد کرتے رہے اور اپنی امت کی رہنمائی کا بہترین چراغ ہیں۔ علامہ اشفاق وحیدی نے اس بات پر زور دیا کہ آج کچھ عناصر امت محمدی میں تفرقہ ڈالنے کی کوشش کر رہے ہیں ایسے عناصر کا کسی مذہب کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے حضرت محمد مصطفیٰ کے بتائے ہوئے سنہری اصول قیامت تک چراغ ہدایت ہیں، آپ ہمیشہ کفار مکہ کو اسلام کی دعوت اخلاق حسنہ کے ذریعہ دیتے رہے۔ دونوں رہنماؤں نے اس بات کا عزم کیا کہ حضرت محمد ﷺ خاتم النبیین کے علوم اور کردار کو معاشرے کے تمام طبقات تک پہنچانا عصر حاضر کا تقاضا ہے آج پوری دنیا میں عید میلادالنبیؐ عالم بشر پیغمبر گرامی کو خراج تحسین پیش کر رہا ہے۔ اس موقع پر اشفاق وحیدی اور پاسٹر سہیل پرویز نے تمام عالم اسلام کو مبارکباد پیش کی۔

بقیہ نمبر 25

ملزمان لوٹ مار کی نیت سے ریسٹورنٹ میں داخل ہوئے اور وہاں موجود 14 سے 15 افراد سے موبائل فونز اور کاؤنٹر سے اڑھائی لاکھ روپے سے زائد رقم لوٹ لی۔ انہوں نے بتایا کہ ملزمان فرار ہوتے ہوئے اندھا دھند فائرنگ کر کے گئے، جس کے نتیجے میں ان کا بھائی شہباز جاں بحق، جبکہ دوسرا بھائی گلزار اور ریسٹورنٹ کا ورکر اللہ دتہ زخمی ہو گئے

بقیہ نمبر 26

ہے جبکہ ریاست بہار میں سول سروسز کے امیدوار اپنے مطالبات کے حق میں سڑکوں پر نکل آئے۔ بھارتی جریدے دکن ہیرالڈ کی ایک رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ طلبا طویل عرصے سے بھرتیوں میں مبینہ بے ضابطگیوں، امتحانات میں تاخیر اور پیپر لیکس کے خلاف احتجاج کر رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 27

سے ناراضی کے بعد گھر سے نکل کر نوئیڈا میں اپنے کزن کے پاس جا رہی تھی۔ پولیس کے مطابق شدید بارش اور اندھیرے کے باعث طالبہ غلط اسٹاپ پر اتر گئی، اسی دوران ایک خالی سلیپر بس وہاں سے گزری، طالبہ نے مدد کے لیے بس روکی جس پر ڈرائیور اور کنڈکٹر نے اسے بس میں بٹھا لیا اور بتایا کہ بس نوئیڈا جا رہی ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق بس چلنے کے کچھ دیر بعد کنڈکٹر نے طالبہ کو ہراساں کرنا شروع کر دیا، بعد ازاں ڈرائیور اور کنڈکٹر نے مبینہ طور پر اسے اجتماعی زیادتی کا نشانہ بنایا۔ پولیس کے مطابق ملزمان طالبہ کو رات گئے روڈ پر چھوڑ کر فرار ہو گئے۔

بقیہ نمبر 28

پوری ٹیم نے کھوکھا یونین گوجر خان سٹی کے جنرل سیکرٹری جاوید اقبال بٹ پر مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے ان کے ساتھ مل کر متاثرین کھوکھا بازار کے مسائل کے حل کے لیے مشترکہ جدوجہد جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔ اجلاس میں متاثرین کھوکھا بازار کی نمائندگی کے لیے قائم کمیٹی کے ارکان خواجہ حنیف، غلام نبی، راجہ غالب، مرزا کامران، اعجاز وارثی، شیخ ندیم، چوہدری مجید، لالہ تاج خان، راشد بٹ، راجہ جاوید اور چوہدری نوید نے بھی مکمل اعتماد کا اظہار کیا۔ جاوید اقبال بٹ نے صدر اتحاد گروپ

مرزا محمود نذر اور ان کی پوری ٹیم کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ تمام متعلقہ افراد باہمی اتحاد اور مشاورت کے ساتھ متاثرین کھوکھا بازار کے مسائل کے حل کے لیے کام کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ ان شاء اللہ مرکزی انجمن تاجران کے سینئر عہدیداران، چیف آفیسر اور اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان سمیت بالخصوص بریگیڈیئر قمر اعجاز سے ملاقاتیں کر کے متاثرین کے مسائل کے حل کے لیے مؤثر پیش رفت کی جائے گی۔ انہوں نے اجلاس میں شرکت کرنے والے تمام کھوکھا داران کا بھی شکریہ ادا کیا۔ اجلاس کے دوران تمام کھوکھا داران اور دونوں گروپوں کی باہمی مشاورت سے بابر الیاس گجر کو متاثرین کھوکھا بازار کا میڈیا ایڈوائزر مقرر کر دیا گیا

بقیہ نمبر 29

ٹرانسپورٹ کو بسوں کی فوری مرمت اور مکمل فٹنس یقینی بنانے کے لیے مراسلہ ارسال کر دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق بسوں کی تکنیکی خرابیوں کو دور کرنے کے لیے چیف انجینئرز آگاہ کیے گئے اور بسوں کی مکمل جانچ و مرمت کریں گے۔ ڈپٹی کمشنر نے واضح ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ تمام بسوں کی مکمل فٹنس اور تکنیکی کلیئرنس تک انہیں سڑکوں پر چلانے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ ضلعی انتظامیہ کا کہنا ہے کہ عوام کو کسی قسم کی مشکلات یا غیر معیاری سروس سے بچانے کے لیے ہر ممکن احتیاطی اقدام کیا جا رہا ہے، جبکہ مکمل فٹنس کے بعد گرین بس منصوبے کے تحت شہریوں اور سیاحوں کو بہتر، محفوظ اور بھرپور سفری سہولت فراہم کی جائے گی

بقیہ نمبر 30

کشمیر کے دیرینہ ہمدرد، بہی خواہ اور پشتیبان ملک محمد افضل کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مرحوم کی وفات تحریک آزادی کشمیر، کشمیری مہاجرین اور مجاہدین کے لیے ایک بڑا نقصان ہے، ان کی دینی و تحریکی خدمات اور بے لوث انسانی خدمت کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا

بقیہ نمبر 31

ضروری ہے اس کے ساتھ ہمارا مطالبہ ہے کہ پمز ہسپتال میں ہونے والے انتہائی افسوس ناک سانحہ پر حکومت مزید سخت ایکشن لے اور ایسے اقدامات کیے جائیں کہ آئندہ اس طرح کا سانحہ نہ ہو۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ میں کافی طویل عرصے سے یہ کہہ رہا ہوں کہ ملک میں طبی سہولیات کو زیادہ موثر بنایا جائے۔ اسلام آباد جو کہ 28 لاکھ افراد کا شہر ہے اس میں صرف دو سرکاری ہاسپٹل ہیں جو انتہائی ناکافی ہیں اور یہاں پر سہولتوں کا فقدان ہے۔ کوئی سسٹم نہیں ہے۔ حکومت کی ان ہسپتالوں میں رٹ ہی نہیں ہے۔ جہاں پر مریض خوار ہوتے ہیں بغیر سفارش کے بیڈ نہیں ملتا یہاں پہ اس قدر حالات خراب ہیں کہ لوگ اپنا علاج کرانے سے کتراتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میں اس سانحے میں جاں بحق ہونے والے نومولود بچوں کے لواحقین سے ہمدردی کا اظہار کرتا ہوں اور حکومت سے مطالبہ کرتا ہوں کہ اس واقعے کی فوری طور پر عدالتی انکوائری کرائی جائے اور جو لواحقین ہیں ان کو معقول معاوضہ بھی دیا جائے اور آئندہ اس طرح کے سانحات سے بچنے کے لیے ہنگامی طور پر انتظامات کیے جائیں۔

بقیہ نمبر 32

کے مطابق اسلام آباد کے 48 سرکاری اور نجی اسپتالوں و طبی مراکز میں فائر اینڈ لائف سیفٹی انتظامات ناقص نکل آئے۔ سی ڈی اے نے اچانک چھاپے مار کر 48 اسپتالوں و طبی مراکز میں فائر سیفٹی انتظامات کا جائزہ لیا اور اقدامات نہ ہونے پر مجموعی طور پر 48 اسپتالوں کو 1 کروڑ 40 لاکھ پچاس ہزار کے جرمانے عائد کیے۔ سی ڈی اے نے اسلام آباد کے بڑے اسپتالوں میں بھی کارروائی کی۔ اعلامیے کے مطابق 30 اور 31 اگست کو مختلف ہسپتالوں اور طبی مراکز کے چالان کیے گئے۔ فائر سیفٹی کی خلاف ورزیوں پر 50 ہزار سے 5 لاکھ روپے تک جرمانے کیے گئے۔ پمز، پولی کلینک اور کیپیٹل اسپتال کو 5،5 لاکھ روپے، اسلام آباد کے بڑے المعروف اسپتال کو بھی 5 لاکھ کا جرمانہ عائد کیا گیا ہے جبکہ اعلامیہ میں بتایا گیا ہے کہ سی ڈی اے کی جانب سے پہلے بھی ان ہسپتالوں کو نوٹس جاری کئے گئے تھے۔ سی ڈی اے کے مطابق پمز کو 6 نوٹس پہلے ہی جاری ہو چکے تھے، پولی کلینک کو 7 نوٹس جبکہ سی ڈی اے اسپتال کو 6 نوٹس پہلے بھی بھیجے گئے اس کے علاوہ المعروف اسپتال کو بھی پہلے 9 نوٹس جاری ہو چکے ہیں۔ ذرائع کے مطابق اسپتالوں میں فائر ڈیٹیکشن، الارم، ایمرجنسی ایگزٹ اور فائر فائٹنگ نظام میں سنگین خامیاں سامنے آئیں جس پر جرمانہ کرنے کے ساتھ ساتھ انتظامیہ کو اسپتالوں میں فائر اینڈ لائف سیفٹی معیار پورا کرنے کی سخت ہدایات کی گئی۔ سی ڈی اے کی جانب سے خلاف ورزیوں پر زیرو ٹالرنس پالیسی اپنانے کا فیصلہ کرتے ہوئے فائر سیفٹی انتظامات بہتر نہ کرنے والے اداروں کے خلاف مزید کارروائی کا عندیہ دیا گیا ہے

بقیہ نمبر 33

باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا، جس کے مطابق استعفیٰ 31 اگست سے منظور کیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق بورڈ کی رکنیت ختم ہونے پر ڈاکٹر محمد ریاض شہباز جنجوعہ چیئرمین آئی ایچ آر اے بھی نہیں رہے۔ وفاقی کابینہ نے ڈاکٹر محمد ریاض شہباز جنجوعہ کا بطور ممبر آئی ایچ آر اے استعفیٰ منظور کیا ہے۔ وفاقی وزارت صحت کے نوٹیفکیشن میں ڈاکٹر محمد ریاض شہباز جنجوعہ کو چیئرمین آئی ایچ آر اے کا عہدہ فوری چھوڑنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ استعفے کی منظوری اسلام آباد ہیلتھ کیئر ریگولیشن ایکٹ 2018 کے تحت دی گئی۔ نوٹیفکیشن کی نقول کابینہ ڈویژن، سی ای او آئی ایچ آر اے اور بورڈ ممبران سمیت متعلقہ حکام کو ارسال کر دی گئی ہیں۔

بقیہ نمبر 34

ہے۔ ایرانی پاسداران انقلاب کے مطابق جارج کو سزا کے نام سے کی جانے والی کارروائی میں اردن کے کنگ حسین اور الازرق فوجی اڈوں کو میزائل اور ڈرون حملوں کا نشانہ بنایا گیا

بقیہ نمبر 35

صبر و برداشت کو سراہتے ہوئے کہا کہ حکومت کوشش کر رہی ہے کہ عوام کے لیے زیادہ سے زیادہ آسانیاں پیدا کی جائیں۔ وفاقی وزیر توانائی کا کہنا تھا کہ بجلی چوری والے علاقوں میں اضافی لوڈشیڈنگ ہو رہی ہے، قطر سے گیس کے مسئلے کو جلد از جلد حل کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ اویس لغاری نے مزید کہا کہ حکومت بجلی کی پیداوار میں اضافے کے لیے تمام ضروری اقدامات کر رہی ہے اور توانائی کے شعبے میں بہتری کے لیے کوششیں جاری ہیں۔

بقیہ نمبر 36

ریلیف دینے اور توانائی کی ضروریات پوری کرنے کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے۔ انہوں نے کہا کہ علاقائی بحران کے دوران توانائی کی عالمی منڈیوں میں دستیابی کے مسائل پیدا ہوئے کیونکہ متعدد ممالک اپنی ضروریات پوری کرنے کے لیے درآمدات اور مختلف ذرائع پر انحصار کرتے ہیں، سپلائی میں رکاوٹوں کے ساتھ ساتھ قیمتوں میں اضافے نے دنیا بھر میں حکومتوں، عوام اور کاروباری شعبے کے بجٹ کو متاثر کیا۔

بقیہ نمبر 37

پیش کی گئی تحقیقاتی رپورٹ طلب کرتے ہوئے وفاقی حکومت کو کارروائی کی تفصیلات اور درخواست پر جواب جمع کرانے کا بھی حکم دے دیا۔

بقیہ نمبر 38

تحت اجلاس کے دوران اراکین کی حاضری رپورٹ روزانہ کی بنیاد پر وزیراعلیٰ کو پیش کی جائے گی۔ رپورٹ کے مطابق اسمبلی اجلاس سے غیر حاضری کی صورت میں ارکان کے خلاف تادیبی کارروائی کرنے کا فیصلہ بھی کیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 39

بیان حلفی ضرور لینا چاہیے۔ بانی رہنما نے کہا کہ بیان حلفی میں ضمانت دی جائے کہ 27 ستمبر کے لانگ مارچ کی منسوخی (overtaken by events) کی صورت میں تمام رقم واپس کر دی جائے گی۔ پی ٹی آئی کے بانی رہنما نے لکھا کہ پھر نہ کہنا خبر نہ ہوئی!!!

بقیہ نمبر 40

کے معاملے میں بھارت سے آگے ہے، جبکہ پاکستان میں ورچوئل اثاثوں کا حجم تقریباً 250 ارب ڈالر ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت نے ورچوئل اثاثوں پر 30 فیصد ٹیکس عائد کر رکھا ہے تاہم پاکستان میں ایسا ٹیکس عائد نہیں کرنا چاہتے۔ سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے کابینہ سیکرٹریٹ کے اجلاس میں بریفنگ دیتے ہوئے بلال بن ثاقب نے کہا کہ ورچوئل اثاثوں اور کرپٹو ٹیکنالوجی پوری دنیا میں تیزی سے استعمال ہو رہی ہے اور دبئی و تھائی لینڈ سمیت مختلف ممالک کی حکومتیں بھی اس شعبے کو ریگولیٹ کرنے اور اس سے فائدہ اٹھانے کے لیے اقدامات کر رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان معاشی طور پر خود مختار ہونا چاہتے ہیں اور اسی رجحان نے پاکستان کو دنیا کی تیسری بڑی کرپٹو مارکیٹ بنا دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں 40 ملین افراد کے کرپٹو اکاؤنٹس موجود ہیں۔

بقیہ نمبر 41

کا سامنا نہیں ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکنالوجی ذریعہ ہے جبکہ انصاف اصل مقصد ہے، عدالتی نظام میں ٹیکنالوجی کا استعمال انصاف کی فراہمی کو آسان اور مؤثر بنانے کے لیے ہونا چاہیے۔ چیف جسٹس کا کہنا تھا کہ بنچ اور بار کے باہمی تعاون کے بغیر عدالتی اصلاحات کامیاب نہیں ہو سکتیں، اصلاحات کے لیے تمام متعلقہ فریقوں کو مل کر کام کرنا ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان کے دور دراز علاقوں میں محدود وسائل اور سکیورٹی چیلنجز کے باوجود انصاف کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے، عوام کو بروقت اور آسان انصاف کی فراہمی عدلیہ کی بنیادی ذمہ داری ہے۔

بقیہ نمبر 42

جہاں پر انسداد پولیو کے بوسٹر ڈوز مہم کے سلسلے میں پہنچی تھی۔ پولیس کے مطابق گاؤں والے اپنے بچوں کو پولیو کی بوسٹر ڈوز لگوانے سے انکار کر رہے تھے۔ پولیو ٹیم کے اصرار پر ملزم جادم سومرو نے مشتعل ہو کر پولیو ورکر واحد سومرو پر کلہاڑی سے وار کر دیا۔ واحد سومرو کلہاڑی کے وار لگنے سے زخمی ہو گیا، جس کو قریبی اسپتال پہنچایا گیا۔ دوسری جانب زخمی واحد سومرو کی مدعیت میں پولیس نے جادم سومرو کے خلاف مقدمہ درج کر کے اس کو گرفتار کر لیا ہے۔ واضح رہے کہ پولیو ٹیموں پر حملے کا یہ پہلا واقعہ نہیں بلکہ ملک بھر میں اب تک ایسے متعدد واقعات رونما ہو چکے ہیں، جن میں درجنوں مرد و خواتین پولیو ورکرز اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھے۔

بقیہ نمبر 43

کوششیں جاری ہیں۔ دوسری جانب نیپالی وزارت تعلیم نے کہا کہ سیلاب کے بعد تعلیمی اداروں کے 200 سے زائد طلبا لاپتہ ہیں۔ نیپالی حکام کے مطابق کئی لاشیں سیلابی ریلے میں بہہ کر متاثرہ علاقے سے تقریباً 100 کلومیٹر دور میدانی علاقوں سے ملیں، جبکہ مزید لاشیں ملنے کا خدشہ ہے۔ سیلاب سے اسکولوں، اسپتالوں، پن بجلی گھروں، سڑکوں، پلوں اور دیگر بنیادی ڈھانچے کو شدید نقصان پہنچا ہے متاثرہ علاقوں میں امدادی کارروائیاں جاری ہیں۔ نیپالی وزیر خارجہ نے کہا ہے کہ ملک کو عمومی سرچ اینڈ ریسکیو آپریشن میں غیر ملکی مدد کی ضرورت نہیں، تاہم ملبہ میں پھنسے افراد کو نکالنے، خصوصی تکنیکی امداد، ٹرانسپورٹ اور لاشوں کو محفوظ رکھنے اور ان کی شناخت کے لیے بیرونی تعاون درکار ہے۔

بقیہ نمبر 44

کیا گیا۔ اجلاس میں کمیٹی نے کسٹمز حکام کو درآمد شدہ موبائل فونز پر ٹیکسز سے متعلق مؤثر میکانزم تیار کرنے کی ہدایت کی اور ایف بی آر و ٹیرف کمیشن سے موبائل فونز پر ٹیکس کے حوالے سے رپورٹ طلب کر لی۔ قائمہ کمیٹی نے فوری طور پر درآمد شدہ موبائل فونز پر ٹیکس کم کرنے کی سفارش کر دی

بقیہ نمبر 45

منور اقبال دوگل نے شہری محمد اسلم کی درخواست پر تحریری فیصلہ جاری کیا، درخواست گزار نے اپنی کم عمر بیٹی حنا اسلم کی مبینہ شادی کرنے والے شوہر کے خلاف مقدمہ درج کرنے کے لیے عدالت سے رجوع کیا تھا۔ عدالت کے روبرو انکشاف ہوا کہ حنا اسلم کی نکاح کے وقت عمر تقریباً 15 سال تھی، درخواست گزار کے مطابق اس کی بیٹی کے اغوا کا مقدمہ پہلے ہی درج ہو چکا ہے، تاہم کم عمری میں شادی کے نئے شواہد سامنے آنے پر متعلقہ افراد کے خلاف مزید مقدمہ درج کیا جانا چاہیے۔

بقیہ نمبر 46

کی 500 ویں سالگرہ کی تقریبات کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے ہدایت کی کہ ان تاریخی مواقع کی تقریبات کو محض رسمی سرگرمیوں تک محدود رکھنے کے بجائے نئی نسل میں قومی شعور، فکری بیداری، احساس ذمہ داری اور اپنی تاریخ و تہذیب سے وابستگی پیدا کرنے کا ذریعہ بنایا جائے۔ پروفیسر احسن اقبال نے کہا کہ ستمبر سے دسمبر تک ملک بھر کے سکولز، کالجز اور تعلیمی اداروں میں قائد اعظمؒ کی 150 ویں سالگرہ کے حوالے سے خصوصی تقریبات منعقد کی جائیں۔ اس سلسلے میں مضمون نویسی، تقاریر، بین المدارس و بین الاسکولی اداروں کے مقابلے، پینٹنگز اور قائد اعظمؒ کے فرمودات کی بنیاد پر دیگر تخلیقی سرگرمیوں کا اہتمام کیا جائے۔ وفاقی وزیر نے ہدایت کی کہ تقریبات کا انعقاد عالمی معیار کے مطابق ہو اور دنیا کے نامور دانشوروں، مؤرخین، ماہرین تعلیم اور محققین کو بھی مدعو کیا جائے تاکہ قائد اعظمؒ اور علامہ اقبالؒ کی فکر، تحریک پاکستان کی جدوجہد اور برصغیر کے تہذیبی و تاریخی ورثے کو عالمی علمی سطح پر اجاگر کیا جا سکے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ قائد اعظمؒ نے اپنی زندگی داؤ پر لگا کر مسلمانوں کے لیے ایک آزاد وطن حاصل کیا۔ قائد اعظمؒ کی بیماری کو راز میں رکھنے والے ان کے معالجین نے بھی قیام پاکستان کے نازک مرحلے میں فرض شناسی اور دیانت کی بے مثال مثال قائم کی۔ 1946ء میں قائد اعظمؒ کو ٹی بی کی تشخیص کے بعد ڈاکٹر جال رتن جی پٹیل اور ڈاکٹر جال ڈاحمد نے ان کی ہدایت پر اس راز کو محفوظ رکھا۔ بعدازاں لارڈ ماؤنٹ بیٹن نے تسلیم کیا کہ اگر اسے قائد اعظمؒ کی بیماری کا علم ہوتا تو وہ تقسیم ہند کا عمل مؤخر کر دیتا۔ آج ہمارے نوجوانوں میں یہ شعور اور احساس ہونا چاہیے کہ کس طرح اپنی صحت کی قربانی دے کر قائد اعظمؒ نے ہمارے لیے ایک آزاد وطن کے حصول کو ممکن بنایا۔ آج یہ ہم سب کی ذمہ داری ہے کہ مل کر پاکستان کی ترقی، خوشحالی، استحکام اور تعمیر نو میں اپنا کردار ادا کریں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ مغلیہ سلطنت نے برصغیر پر ساڑھے تین سو سال حکمرانی کی اور 2026ء میں اس کے قیام کو 500 سال مکمل ہو رہے ہیں۔ اس موقع پر ضروری ہے کہ مغلیہ دور کی تاریخ کو محض حکمرانوں اور جنگوں کے تناظر میں نہیں بلکہ مقامی ثقافت، انتظامی نظام، طرز حکمرانی، محصولات کے نظام، فنون، فن تعمیر اور تہذیبی ورثے کے حوالے سے بھی اجاگر کیا جائے۔ ہمیں مغلیہ دور کے ان روشن پہلوؤں کو نمایاں کرنا ہے جن کے ذریعے اس مسلم سلطنت نے خطے میں کامیاب حکمرانی کی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ اس دور کے مختلف پہلوؤں پر ایک جامع دستاویزی فلم تیار کی جائے، جس میں مغلیہ دور میں برصغیر کے فن تعمیر کے نئے تصورات، آرٹ اور آرکیٹیکچر کے میدان میں مغلیہ دور کی خدمات، طرز حکمرانی اور تاریخی و تہذیبی ورثے کو نمایاں طور پر پیش کیا جائے تاکہ نئی نسل اپنی تاریخ، تہذیب اور ثقافتی ورثے سے آگاہ ہو سکے۔ وفاقی وزیر نے تمام متعلقہ وزارتوں، محکموں اور اداروں کو ہدایت کی کہ ان تقریبات اور سرگرمیوں پر اپنے اپنے دائرہ کار میں مؤثر عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔ واضح رہے کہ مغلیہ سلطنت کے قیام کی روایتی طور پر مستند تاریخ 21 اپریل 1526ء تسلیم کی جاتی ہے، جب ظہیر الدین محمد بابر نے پانی پت کی پہلی جنگ میں ابراہیم لودھی کو شکست دی۔ یہ جنگ برصغیر میں مغلیہ حکمرانی کے آغاز کی علامت سمجھی جاتی ہے۔ سال 2026ء مغلیہ سلطنت کے قیام کی 500 ویں سالگرہ کا سال ہے۔ بانی پاکستان قائد اعظم محمد علی جناحؒ 25 دسمبر 1876ء کو پیدا ہوئے۔ ان کی قیادت میں برصغیر کے مسلمانوں نے ایک آزاد وطن کے حصول کی تاریخی جدوجہد کامیابی سے مکمل کی۔ شاعر مشرق، مفکر پاکستان علامہ محمد اقبالؒ 9 نومبر 1877ء کو پیدا ہوئے

بقیہ نمبر 47

راحیل منیر اور ڈاکٹر عدنان بھی سربراہ مسلم لیگ ن کے ہمراہ ہیں۔ نواز شریف نجی دورے پر سنگاپور اور چائنہ جائیں گے جبکہ سنگاپور میں مختصر قیام کے بعد نواز شریف چائنہ روانہ ہو جائیں گے۔ نواز شریف کی روانگی سے قبل وزیر اعظم شہباز شریف سے ایئر پورٹ پر اہم ملاقات بھی ہوئی۔ وزیر اعظم نے کرغزستان کے دورے سے متعلق پارٹی سربراہ سے رہنمائی بھی لی

بقیہ نمبر 48

داخلہ کے مطابق فلوجیٹ نامی کشتی شمالی قبرص کے شہر کیرینیا سے جنوبی ترکیہ کے شہر تاشو جو جا رہی تھی۔ کشتی میں عملے کے 8 ارکان سمیت 267 مسافر سوار تھے جب قبرص کے ساحل سے چند میل دور اس میں پانی بھرنا شروع ہو گیا

بقیہ نمبر 49

نے تمام جماعتوں سے اپنے نام فراہم کرنے کی درخواست کر دی ہے۔ سیاسی جماعتوں کی جانب سے نام موصول ہوتے ہی مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کی تشکیل کا باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا جائے گا، کمیٹی سانحہ پمز سے متعلق مختلف پہلوؤں کا جائزہ لے گی اور واقعے کی پارلیمانی سطح پر تحقیقات کرے گی۔

بقیہ نمبر 50

عہدیدار تھے۔ تنظیم کا کہنا ہے کہ کارروائی طالبان کے روایتی مضبوط گڑھ قندھار میں کی گئی، جو طالبان کے سیاسی اور انتظامی اثر و رسوخ کا بھی اہم مرکز ہے۔ فرنٹ نے دعویٰ کیا کہ اعلیٰ سطح کے انٹیلی جنس عہدیدار کی قندھار میں ہلاکت طالبان کے سکیورٹی ڈھانچے کی کمزوریوں کو ظاہر کرتی ہے۔

بقیہ نمبر 51

ہیں۔ وفاقی وزیر خزانہ نے کہا کہ حکومت معاشی استحکام کے ساتھ پائیدار ترقی کے لیے بھی اقدامات کر رہی ہے۔

بقیہ نمبر 52

فیصلہ نہیں کر سکتا، ادھر ہم فیصلہ کریں گے اور ہمیشہ کیا ہے۔ سندھ اسمبلی میں نئے صوبوں اور انتظامی یونٹس کے حوالے سے اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہم نے کہا اس بار زیادہ بحث کروائیں، جو سب اپنے منہ چلا رہے ہیں ایک بار اسمبلی میں فیصلہ ہو تا کہ ان سب کے منہ بند کروائیں۔

بقیہ نمبر 53

کر دیں، جسٹس محمد آصف نے محفوظ فیصلہ جاری کر دیا۔ سپریم کورٹ فیصلے کی روشنی میں قیدی کی بیرون ملک فیملی سے ٹیلی فون پر گفتگو کروانے کی درخواست بھی مسترد کی گئی۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس محمد آصف نے قیدی محمد اسماعیل کی درخواست پر فیصلہ سنایا

بقیہ نمبر 54

اسلام آباد ہائیکورٹ جسٹس سرفراز ڈوگر نے وکیل قاسم اقبال جلالی کی درخواست پر سماعت کی۔

بقیہ نمبر 55

ہے، جس کے لیے پاکستان ایل این جی لمیٹڈ (پی ایل ایل) نے عالمی کمپنیوں سے بولیاں طلب کرتے ہوئے ٹینڈر جاری کر دیا ہے۔

بقیہ نمبر 56

جمع کرا دی ہیں۔ تفتیشی افسر نے تمام متعلقہ ریکارڈ رجسٹرار جوڈیشل کمیشن عبدالماجد کے حوالے کر دیا ہے۔ رجسٹرار کے مطابق جمع کرائی گئی دستاویزات میں میر رضا کی گمشدگی کی ایف آئی آر، کیس میموز اور گواہوں کے بیانات کی نقول شامل ہیں۔

بقیہ نمبر 57

میں مندی کا رجحان برقرار رہا جس کے باعث کاروباری روز کے اختتام پر ہنڈرڈ انڈیکس 720 پوائنٹس کی کمی کیساتھ ایک لاکھ 76 ہزار 975 پوائنٹس کی سطح پر بند ہوا۔

بقیہ نمبر 58

کر دھملوں میں ملوث تھے۔ سیکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ برآمد ہونے والا اسلحہ اور گولہ بارود مبینہ طور پر شہریوں کی ٹارگٹ کلنگ اور دیگر دہشت گردانہ کارروائیوں کے لیے استعمال کیا جانا تھا، بلوچستان میں دہشت گرد عناصر کے خلاف سکیورٹی فورسز کا آپریشن ردالفتنہ جاری ہے

بقیہ نمبر 59

جدید بنانے میں مصروف ہیں۔ واضح رہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے سوشل میڈیا پر ایک ویڈیو شیئر کرتے ہوئے دعویٰ کیا تھا کہ ایران کے تیل کے مرکز جزیرہ خارگ کو تباہ کر دیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 60

چاول، آئی ٹی، جیولری، ہینڈی کرافٹ اور کاسمیٹکس سمیت مختلف مصنوعات کے لیے بڑی مارکیٹ ثابت ہو سکتا ہے۔

بقیہ نمبر 61

کرے گی۔ پشاور میں دھرنے کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ شہر کے نوجوانوں نے آج دھرنے کو جلسے میں تبدیل کر دیا ہے، جو عوامی شعور اور بیداری کی علامت ہے۔ ملک میں امیر، امیر تر اور غریب، غریب تر ہوتا جا رہا ہے، عوام ٹیکسوں کے بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں۔ دنیا میں سرمایہ دارانہ اور سوشلسٹ نظام ناکام ہو چکے ہیں، جاگیردارانہ نظام انسانوں کی سوچ کو آگے بڑھنے سے روکتا ہے۔ ان کے بقول آج ٹیکنالوجی اور آئی ٹی کو بھی عوام کو یرغمال بنانے کے لیے استعمال کیا جا رہا ہے۔ عوام کے لائیک (Like) اور شیئرز (Shares) بڑھتے ہیں، جبکہ جاگیرداروں اور سرمایہ داروں کی دولت بڑھ رہی ہے۔

بقیہ نمبر 62

کے تحت اسلام آباد کو مکمل صوبہ بنائے بغیر صوبائی طرز کے انتظامی اور مالی اختیارات دینے کی تجاویز بھی زیر بحث ہیں، جبکہ قانون نافذ کرنے والے اداروں اور ماسٹر پلاننگ کے اختیارات وفاق کے پاس برقرار رہیں گے۔ مجوزہ رپورٹ میں 27 رکنی اسلام آباد اسمبلی کے قیام کی سفارش بھی شامل ہے جس سے وفاقی دارالحکومت کے شہریوں کو براہ راست نمائندگی حاصل ہو سکے گی۔ ماہرین کے مطابق اسلام آباد کی آبادی 24 لاکھ سے تجاوز کر چکی ہے جبکہ موجودہ انتظامی ڈھانچہ بڑھتی ہوئی شہری ضروریات اور عوامی مسائل سے مؤثر انداز میں نمٹنے میں مشکلات کا شکار ہے

بقیہ نمبر 63

کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ دونوں ممالک کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری، زراعت، افرادی قوت کی نقل و حرکت اور عوامی روابط کے شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ دیا جائے۔

بقیہ نمبر 64

بھرپور خصوصی نغمہ "دو دل، ایک جان" جاری کر دیا۔ نغمے میں پاکستانی فنکاروں نے اردو اور ترک زبان میں اپنی آواز کا جادو جگاتے ہوئے پاکستان اور ترکیہ کے درمیان تاریخی برادرانہ تعلقات، مشترکہ ثقافت اور باہمی محبت کی خوبصورت عکاسی کی ہے

بقیہ نمبر 65

میں پانچ ایسے کھلاڑی ہیں جو ٹیسٹ کیپ حاصل نہیں کھیل سکے ہیں جبکہ دو کھلاڑی ٹیسٹ کرکٹ کھیل چکے ہیں۔ متبادل کھلاڑیوں میں بیٹر صائم ایوب اور عبداللہ فضل شامل ہیں، جو بالترتیب آٹھ اور دو ٹیسٹ میچز کھیل چکے ہیں۔

بقیہ نمبر 66

افواج کے درمیان ہم آہنگی بڑھانے سمیت دفاعی صنعت میں مشترکہ پیداوار، تحقیق اور ترقی کے شعبوں میں تعاون کا جائزہ لیا گیا، دہشت گردی کے خلاف مشترکہ کوششوں کو مزید مؤثر بنانے کے امور بھی اجلاس کے ایجنڈے میں شامل تھے۔ اجلاس کے بعد میڈیا کو بریفنگ دی گئی۔ ترکیہ کے وزیر خارجہ ہاکان فیدان نے کہا کہ مکہ معاہدہ دفاع کے اصول پر مبنی ہے، یہ معاہدہ ایک تاریخی اقدام ہے، آج کے اجلاس کا مقصد علاقائی استحکام اور امن کو فروغ دینا ہے، اجلاس میں لیے گئے فیصلے نتیجہ خیز ثابت ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ خطے میں قیام امن کے لیے تمام علاقائی ممالک کو مل کر اقدامات کی ضرورت ہے، اجلاس میں اتحاد کے عملی ڈھانچہ بنانے کی جانب بات کی گئی

اسلام آباد،کنوینئر کراچی نیشنل موومنٹ اشرف جبار قریشی، ہیڈ مہاجر اتحاد تحریک سلیم حیدر پریس کانفرنس کررہے ہے

ایرانی میزائل حملوں نے امریکا کو مشکل میں ڈال دیا

پیٹریاٹ ذخائر تیزی سے کم ہونے کا خدشہ، تعداد کی آزادانہ تصدیق مشکل ہے

واشنگٹن (آئی این پی) ایران کی جانب سے بڑے پیمانے پر بیلسٹک میزائل حملوں کے باعث امریکا کے پیٹریاٹ فضائی دفاعی نظام کے انٹرسیپٹرز کے ذخائر پر دباؤ بڑھنے کی اطلاعات سامنے آئی ہیں۔ اوپن سورس انٹیلی جنس آسنٹ پر مبنی اندازوں کے مطابق ایک ہی رات اردن کے اوپر ایرانی میزائلوں کو روکنے کیلئے امریکا نے بڑی تعداد میں انٹرسیپٹرز استعمال کیے۔ عالمی میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکی فوج نے تقریبا 32 ایرانی بیلسٹک میزائلوں کا مقابلہ کرنے کے لیے ایک ہی رات میں 96 سے 128 تک انٹرسیپٹرز فائر کیے۔ ایک انٹرسیپٹر کی ممکنہ قیمت تقریبا 40 لاکھ ڈالر بتائی جاتی ہے، جس کے باعث اس ایک رات کی دفاعی کارروائی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

سانحہ پمز پنجاب کے، اسپتالوں میں ریسکیو کے ایمرجنسی افسران کی تعیناتی کا فیصلہ

لاہور (آئی این پی) پمز اسپتال کی نرسری میں ہولناک آتشزدگی کے واقعے کے بعد پنجاب کے اسپتالوں میں ریسکیو کے ایمرجنسی افسران کی تعیناتی کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ محکمہ اسپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر پنجاب نے صوبے کے اسپتالوں میں ٹرشری کیئر کے ایمرجنسی افسران کی تعیناتی کے لیے سیکریٹری ایمرجنسی سروسز پنجاب کو مراسلہ جاری کر دیا۔ مراسلے میں کہا گیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

سرگودھا، موبائل کی دنیا سے نکل کر یہ بچے بندر کا تماشہ دیکھ کر محظوظ ہورہے ہیں بلاشبہ سمارٹ فون سے بچے اصلی دنیا سے دور ہوگئے ہیں

کراچی کو بااختیار انتظامی یونٹ یا صوبہ بنایا جائے کراچی نیشنل موومنٹ

کراچی والے غدار نہیں پاکستانی ہیں، نئے صوبوں کی تشکیل لسانی نہیں، انتظامی، جغرافیائی اور معاشی بنیادوں پر ہونی چاہیے

کراچی کو وسائل، اختیارات اور جواب دہی سے محروم رکھا گیا، موجودہ نظام شہری مسائل حل کرنے میں ناکام ہے

صوبائی حیثیت ملنے سے کراچی اپنے وسائل اور ترقیاتی ترجیحات کا خود تعین کر سکے گا کراچی میں قومی سیاست کو فروغ دیا جائے

کراچی کیلئے اختیار، اور مؤثر نمائندگی ضروری ہے، اشرف قریشی، سلیم حیدر، سردار اقبال، اسلم خان کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (راجہ جاوید اختر سے) کراچی نیشنل موومنٹ کے رہنماؤں نے مطالبہ کیا ہے کہ کراچی کو اس کی آبادی، معاشی اہمیت اور قومی خدمات کے مطابق بااختیار انتظامی یونٹ یا صوبے کا درجہ دیا جائے، کراچی کے شہریوں کو بنیادی سہولیات، سیاسی اختیار اور وسائل پر مؤثر حق دیا جائے اور شہر کے مسائل کے مستقل حل کے لیے واضح اختیارات اور جواب دہی کا نظام قائم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

خیبر پختونخوا کے بالائی اضلاع میں گلیشیئر پگھلنے کے ممکنہ خطرے کے پیش نظر الرٹ جاری

اسلام آباد، پشاور، لاہور (آئی این پی) پروونشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) خیبر پختونخوا نے بالائی اضلاع میں گلیشیئر پگھلنے کے ممکنہ خطرے کے پیش نظر الرٹ جاری کر دیا۔ پی ڈی ایم اے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

شاہ کمال کاظمی سخاوت و معرفت کی عملی تصویر تھے، ہاشم حقانی

آپکے وصال سے اہل اسلام ایک روحانی فکری شخصیت سے محروم ہو گئے

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) سید شاہ محمد کمال کاظمی سخاوت و معرفت کی عملی تصویر تھے۔ علامہ ہاشم حقانی۔ آپکے وصال سے اہل اسلام ایک روحانی فکری شخصیت سے محروم ہوگئے صاحبزادہ علی عباس حقانی۔ آپ نے اپنے اکابرین کی امانتوں کو خوب تقسیم کیا اولیاء کاملین کی سنہری تعلیمات کا روشن باب تھے، آپ طریقت اور شریعت کے مبلغ اور سادات کاظمیہ کے فیضان کے قاسم تھے ان خیالات کا اظہار ممتاز عالم دین استاذ العلماء خطیب اہل بیت علامہ محمد ہاشم حقانی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

گوجرخان، نوردولال میں گندگی کے ڈھیر، آبادی اور دینی درسگاہ کو شدید مشکلات

گوجرخان (بیورو رپورٹ) یونین کونسل نوردولال کے گاؤں آڑہ قریشیاں میں مین سڑک کے کنارے گندگی کے ڈھیر لگنے سے مکینوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے، جبکہ گندگی کے باعث آبادی کا راستہ بھی متاثر ہو رہا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

اسپیکر ایاز صادق کی چیئرمین قائمہ کمیٹی محمود بشیر ورک کی عیادت

خیریت دریافت کی اور جلد اور مکمل صحت یابی کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے آج لاہور میں زیرِ علاج چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے قانون و انصاف اور رکن قومی اسمبلی چوہدری محمود بشیر ورک کی عیادت کی۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے چوہدری محمود بشیر ورک کی خیریت دریافت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

فیصل آباد، قتل کیس کے ملزمان سے مبینہ پولیس مقابلے میں کانسٹیبل شہید

فیصل آباد (آئی این پی) فیصل آباد کے علاقے جھپال میں قتل کے مقدمے میں نامزد ملزمان کی گرفتاری کے لئے چھاپے کے دوران فائرنگ کے تبادلے میں پولیس کا کانسٹیبل ابرار علی شہید ہو گئے۔ تفصیل کے مطابق تھانہ ٹھیکری والا کے اے ایس آئی کاشف نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

مانسہرہ، لوڈشیڈنگ شیڈول خلاف ورزی پر سی این جی اسٹیشنز سیل

بندش سے ٹرانسپورٹرز و ٹیکسی والوں کا کاروبار زندگی معطل کر دیا

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) سی این جی لوڈشیڈنگ مزید سخت کر دی گئی، دو گھنٹے صبح دو گھنٹے رات کو گیس شیڈول پر عمل درآمد کی ہدایت، مانسہرہ میں لوڈشیڈنگ شیڈول کی خلاف ورزی کرنے والے کئی سی این جی اسٹیشنز سیل، گاڑیوں والے دن رات گیس کیلئے سڑکوں پر خوار، سی این جیز بندش نے ٹرانسپورٹرز و ٹیکسی والوں کا کاروبار زندگی معطل کر دیا، کئی علاقوں میں لڑائی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

پنجاب، صفائی ٹیکس وصولی کیلئے نئی فورس قائم کرنے کی تجویز

محکمہ ایکسائز میں 305 نئی آسامیاں پیدا کرنے کی سفارش کی گئی

لاہور (آئی این پی) پنجاب بھر میں صفائی ٹیکس اور چارجز کی وصولی مؤثر بنانے کے لیے محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے تحت نئی فورس قائم کرنے کی تجویز سامنے آ گئی ہے۔ دستاویزات کے مطابق اس مقصد کے لیے محکمہ ایکسائز میں 305 نئی آسامیاں پیدا کرنے کی سفارش کی گئی ہے۔ مجوزہ فورس میں گریڈ 5 کے 300 ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کانسٹیبلز بھرتی کرنے کی تجویز ہے، جو صوبے بھر میں تقریبا 47 لاکھ جائیدادوں سے صفائی چارجز کی وصولی یقینی بنائیں گے، ہر ضلع میں وصولی کے لیے 7 سے 8 کانسٹیبلز تعینات کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔ دستاویزات کے مطابق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

اختلافات کو نفرت اور تقسیم کا ذریعہ بنانیکی کوشش کی جارہی، خاقان خواجہ

ترقی یافتہ معاشرہ باہمی احترام، انصاف اور مذہبی آزادی سے تشکیل پاتا ہے، میر اشتیاق

مقررین کا راول ہسپتال کے آڈیٹوریم میں منعقدہ سیرت النبیﷺ کانفرنس سے خطاب

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) پاکستان عوامی قوت پارٹی کے سربراہ اور راول جنرل اینڈ ڈینٹل ہاسپٹل و راول فاؤنڈیشن کے چیئرمین خاقان وحید خواجہ نے کہا ہے کہ آج کے دور میں جب دنیا بھر میں مذہبی، سماجی اور ثقافتی اختلافات کو نفرت اور تقسیم کا ذریعہ بنانے کی کوشش کی جا رہی ہے، ایسے وقت میں رحمت للعالمین کانفرنس برائے بین المذاہب ہم آہنگی کا انعقاد یقیناً ایک مثبت، خوبصورت اور قابلِ تقلید اقدام ہے۔ انہوں نے یہ بات راول ڈینٹل ہسپتال کے آڈیٹوریم میں منعقد ہونے والی سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

راولپنڈی، بارش کے بعد رحیم آباد کا انڈر پاس تالاب کا منظر پیش کررہا ہے

منی ڈیمز کی تعمیر سے خطہ پوٹھوار میں پانی کا تحفظ، آبی وسائل کو بڑھایا جائیگا، راجہ حنیف

وزیر اعلیٰ پنجاب کے خطہ پوٹھوار کیلئے زرعی ٹرانسفارمیشن پلان کے تحت راولپنڈی میں منی ڈیمز کی الاٹمنٹ کے لیے قرعہ اندازی کی تقریب

زرعی ٹرانسفارمیشن پلان کے تحت 3 سالوں میں کل 600 منی ڈیمز راولپنڈی ڈویژن اور ضلع خوشاب میں تعمیر مکمل کی جائے گی

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) وزیر اعلیٰ پنجاب کے خطہ پوٹھوار کے لئے زرعی ٹرانسفارمیشن پلان کے تحت ضلع راولپنڈی میں کاشتکاروں کے درمیان منی ڈیمز کی الاٹمنٹ کے لیے قرعہ اندازی کی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ اس تقریب کے مہمان خصوصی راجہ محمد حنیف ایڈووکیٹ ایم پی اے و چیئرمین وزیر اعلیٰ انسپکشن ٹیم تھے۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل سوائل کنزرویشن ڈاکٹر پرویز سکندر، ڈائریکٹر زراعت توسیع راولپنڈی ڈویژن سید شاہد افتخار بخاری، اسسٹنٹ کمشنر راولپنڈی، ڈائریکٹر سائل کنزرویشن عتیق الرحمان اور ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

کراچی، ڈکیتی کے دوران ملزمان کی فائرنگ سے نوجوان جاں بحق

کراچی (آئی این پی) کراچی کے علاقے سچل غازی گوٹھ میں ریسٹورنٹ پر ڈکیتی کے دوران مسلح ملزمان کی فائرنگ سے نوجوان جاں بحق جبکہ 2 افراد زخمی ہوگئے۔ ریسٹورنٹ مالک جاوید اقبال کے مطابق 6 مسلح (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

محمدﷺ کی سیرت کردار اخلاق کے پیغام کو عام کرنا ضروری، اشفاق وحیدی

امام خمینی نے عید میلادالنبیﷺ کو ہفتہ وحدت قرار دیکر شیعہ سنی کے اختلاف کو ختم کیا

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) پیغمبر گرامی تمام عالمین کے لیے رحمت بن کر آئے آج حضرت محمدﷺ کی سیرت کردار اخلاق کے پیغام کو عام کرنا ضروری ہے نفرت تفریق شدت پسندی ظلم جبر سے اللہ کی رسول ص نے سختی سے منع کیا ہے امام خمینی رح نے عید میلادالنبی ص کو ہفتہ وحدت قرار دے کر شیعہ سنی کے اختلاف کو ختم کیا اور فرمایا شیعہ اور سنی اسلام کے دو بازو ہیں۔ ان خیالات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

عید میلادالنبیﷺ اور سیرت مصطفیﷺ کے موضوع پر کانفرنس سے علامہ اشفاق وحیدی خطاب کررہے ہیں

بھارت میں طلبہ کا احتجاج جاری، سڑکوں پر نکل آئے

نئی دہلی (کے پی آئی) بھارت میں نظام تعلیم کی بدحالی، بھرتیوں میں بے ضابطگیوں اور امتحانات میں شفافیت کے فقدان کے خلاف طلبہ کا احتجاج شدت اختیار کرتا جارہا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

بھارت، چلتی بس میں طالبہ سے اجتماعی زیادتی، ڈرائیور، کنڈیکٹر گرفتار

نئی دہلی (آئی این پی) بھارتی دارالحکومت نئی دہلی میں 16 سالہ طالبہ کو چلتی سلیپر بس میں مبینہ اجتماعی زیادتی کا نشانہ بنانے کے الزام میں پولیس نے بس ڈرائیور اور کنڈکٹر کو گرفتار کرلیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق واقعہ 4 اگست کی رات کشمیری گیٹ کے علاقے میں پیش آیا، متاثرہ طالبہ اتر پردیش کی رہائشی اور گیارہویں جماعت کی طالبہ ہے، متاثرہ لڑکی اہل خانہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

متاثرین کھوکھا بازار گوجرخان کا مشاورتی اجلاس

اتحاد گروپ کا جاوید اقبال بٹ پر مکمل اعتماد کا اظہار

گوجرخان (بیورو رپورٹ) متاثرین کھوکھا بازار گوجرخان کا مشاورتی اجلاس، اتحاد گروپ کا جاوید اقبال بٹ پر مکمل اعتماد کا اظہار تفصیلات کے مطابق متاثرین کھوکھا بازار گوجرخان کے کھوکھا داران کا ایک مشاورتی اجلاس کھوکھا یونین گوجرخان سٹی کے جنرل سیکرٹری جاوید اقبال بٹ کی سربراہی میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں اتحاد گروپ کے صدر مرزا محمود نذر اور ان کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

اسلام آباد، پاکستان عوامی قوت پارٹی کے سربراہ خاقان وحید خواجہ ودیگر مقررین سیرت النبیﷺ کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

ITP، غیر قانونی پارکنگ کیخلاف کریک ڈاؤن جاری

قوانین پر سختی سے عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے، سی ٹی او کائنات اظہر

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) اسلام آباد ٹریفک پولیس کا شاپنگ مالز، تجارتی مراکز، مارکیٹس اور بڑی شاہراؤں میں غیر قانونی پارکنگ کے خلاف کریک ڈاؤن جاری، خلاف ورزی پر گاڑیوں کیلئے بلا تفریق کارروائیاں عمل میں لائی گئیں، ٹریفک کے بہاؤ میں رکاوٹ بننے اور روڈ ڈسپلن کو متاثر کرنے والے ڈرائیورز کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد ٹریفک پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں ٹریفک کے بہاؤ کو برقرار رکھنے، مربوط (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

دنیا کو زیادہ جامع عالمی نظام حکمرانی کی ضرورت، اصلاحاتی دائرہ پھیلنا چاہیے، مسعود خان

اسلامی، چینی اور دیگر تہذیبوں کو عالمی اصول و ضوابط کی تشکیل میں کردار ادا کرنیوالے فریقوں کے طور پر تسلیم کیا جانا چاہیے

اسلام آباد (خبرنگار) امریکہ، چین اور اقوام متحدہ میں پاکستان کے سابق سفیر اور آزاد جموں وکشمیر کے سابق صدر سردار مسعود خان نے کہا ہے کہ دنیا کو حکمرانی کے ایک زیادہ جامع، منصفانہ اور مؤثر نظام کی ضرورت ہے جو ابھرتی ہوئی جغرافیائی سیاسی حقیقتوں کی عکاسی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

حیدرآباد، ایک خاتون اپنی بیٹی کے ہمراہ ریڑھی پر پینے کیلئے پانی لے جارہی ہے

علی گیلانی آخر تک نظریے پر ڈٹے رہے، فاروق رحمانی

اسلام آباد (کے ایم ایس) کل جماعتی حریت کانفرنس کی آزاد جموں وکشمیر شاخ کے سابق کنوینئر محمد فاروق رحمانی نے کشمیر کے عظیم رہنما سید علی گیلانی کو ان کی پانچویں برسی پر شاندار خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ آخری سانس تک آزادی اور حقِ خودارادیت کے اپنے نظریے پر ڈٹے رہے۔ فاروق رحمانی نے ایک بیان میں کہا کہ سید علی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

ٹورنٹو سے کراچی آنیوالے مسافر جہاز میں آتشزدگی، ہنگامی لینڈنگ

مسافروں کو طیارے سے ایئرپورٹ کے لاؤنج میں منتقل کر دیا گیا

ٹورنٹو (صباح نیوز) ٹورنٹو سے کراچی آنے والے مسافر جہاز میں آگ لگ گئی۔ طیارے کی ٹورنٹو ایئرپورٹ پر ہنگامی لینڈنگ کروانا پڑ گئی۔ ٹورنٹو ایئرپورٹ سے کراچی کے لئے روانہ ہونے والے مسافر طیارے کے کارگو ہولڈ میں آگ لگ گئی تھی۔ اس آگ کی نشاندہی ہوتے ہی پائلٹ نے ہنگامی طور پر جہاز کا رخ موڑ لیا اور ٹورنٹو ایئرپورٹ کے ایئر ٹریفک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

الیکٹرک بسوں میں فالٹس کا نوٹس، فٹنس تک چلانے کی اجازت نہیں، ڈپٹی کمشنر مری

گرین بس الیکٹرک بس منصوبے کے تحت مری بھیجی جانے والی 6 بسوں میں چیکنگ کے دوران چھوٹے موٹے تکنیکی فالٹس

بسوں کی تکنیکی خرابیوں کو دور کرنے کے لیے چینی انجینئرز آئیں گے اور بسوں کی مکمل جانچ و مرمت کریں گے، ڈپٹی کمشنر

مری (نمائندہ خصوصی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے گرین بس الیکٹرک بس منصوبے کے تحت مری بھیجی جانے والی 11 الیکٹرک بسوں میں سے 6 بسوں میں چیکنگ کے دوران چھوٹے موٹے تکنیکی فالٹس سامنے آ گئے۔ ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی نے معاملے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے خود ٹیکنیکل ٹیم کے ساتھ جا کر بسوں کا معائنہ کیا اور سیکرٹری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

پمز واقعہ پر چند افسران کی معطلی سے کچھ نہیں ہوگا، حنیف مغل

انتہائی افسوس ناک سانحہ پر حکومت مزید سخت ایکشن لے، چیئرمین تحریک شاد باد

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) چیئرمین پاکستان تحریک شاد باد ڈاکٹر محمد حنیف مغل نے کہا ہے کہ صرف چند افسران کو معطل کرنے سے پمز ہسپتال والا واقعہ حل نہیں ہوگا بلکہ پورے پاکستان میں ایمرجنسی نافذ کر کے تمام ہسپتالوں کو دور جدید کے مطابق ہم آہنگ کرنا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

ملک افضل کی وفات تحریک آزادی کشمیر کا بڑا نقصان، صلاح الدین

مظفر آباد (صباح نیوز) متحدہ جہاد کونسل کے چیئرمین اور حزب المجاہدین کے سربراہ سید صلاح الدین احمد نے گلاس لیدر انڈسٹری اور پاک میڈیکل سنٹر سیالکوٹ کے بانی، تحریک آزادی کشمیر، مجاہدین اور مہاجرینِ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

راولپنڈی چیمبر میں تبدیلی وقت کی اہم ضرورت، خواجہ اعجاز

کئی سال سے مسلط ٹولے کا خاتمہ ہونا چاہیے: راجہ طیب، خواجہ عادل

گوجرخان (بیورو رپورٹ) مرکزی انجمن تاجران گوجرخان کے سرپرست اعلیٰ خواجہ محمد اعجاز، نائب صدر راجہ طیب محمود اور فنانس سیکرٹری خواجہ عادل جاوید نے کہا ہے کہ راولپنڈی چیمبر آف کامرس میں اب حقیقی تبدیلی وقت کی اہم ضرورت بن چکی ہے، کئی سال سے چیمبر کے معاملات پر مسلط ایک ہی دھڑے کی اجارہ داری کا خاتمہ ہونا چاہیے اور اس مرتبہ ممبران کو اپنے ووٹ کا فیصلہ کارکردگی اور تاجروں کے حقوق کے تحفظ کو سامنے رکھتے ہوئے کرنا چاہیے۔ تاجر رہنماؤں نے کہا کہ چیمبر آف کامرس کسی مخصوص گروپ یا چند افراد کا ادارہ نہیں بلکہ تاجروں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

لاہور، بھکاری بن کر اسلحہ سپلائی کرنیوالا ملزم گرفتار

لاہور (آئی این پی) لاہور میں برکی کے علاقے میں پولیس نے سرچ اینڈ سوئپ کارروائی کے دوران مشکوک بھکاری اور منشیات کے عادی ملزم کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران کے وژن اسلحہ سے پاک معاشرہ کے تحت سرچ اینڈ سوئپ کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

حیدرآباد، سڑک کے عین درمیان پڑا گڑھا کسی بڑے حادثے کا باعث بن سکتا ہے

فلسطینی خواتین قیدیوں پر ظلم و ستم، اسرائیلی وزیر کا اظہار مسرت

تل ابیب (آئی این پی) اسرائیل کے وزیر برائے قومی سلامتی اتمار بن گویر نے فلسطینی خواتین قیدیوں کو حراست کے دوران سخت حالات میں رکھنے پر فخر کا اظہار کرتے ہوئے جیل کی ویڈیو سوشل میڈیا پر جاری کر دی۔ عرب میڈیا کے مطابق گزشتہ روز جاری کی گئی ویڈیو میں بن گویر کو خواتین قیدیوں کی جیل میں داخل ہو کر قیدیوں سے حراستی حالات سے متعلق شکایات سنتے دیکھا جا سکتا ہے، ایک فلسطینی خاتون قیدی نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

نوشکی میں 8 سالہ بچی مبینہ زیادتی اور تشدد کے بعد قتل

وزیر داخلہ ضیا لانگو کا نوٹس، رپورٹ طلب کرلی، ایک ملزم گرفتار

کوئٹہ (آئی این پی) بلوچستان کے ضلع نوشکی میں 8 سالہ بچی کو مبینہ زیادتی اور تشدد کے بعد قتل کر دیا گیا، وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیا اللہ لانگو نے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ حکام سے رپورٹ طلب کر لی جبکہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ایک ملزم کو گرفتار کرلیا۔ پولیس حکام کے مطابق نوشکی کے علاقے احمد وال میں 8 سالہ بچی کے ساتھ مبینہ زیادتی اور تشدد کے بعد قتل کر دیا گیا۔ اس افسوسناک واقعے کے بعد علاقے میں سوگ کی فضا ہے۔ اہل خانہ نے واقعے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

اسلام آباد پولیس کے آپریشنز، مشکوک افراد تھانہ منتقل

غیر قانونی اسلحہ رکھنے والے ملزمان گرفتار، دو پستول معہ ایمونیشن بھی برآمد

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) اسلام آباد پولیس کا مختلف علاقوں میں گرینڈ سرچ اینڈ کومنگ آپریشنز۔ سرچ آپریشنز کے دوران 209 افراد، 120 گھروں، چھ دکانیں، تین ہوٹل، 148 موٹر سائیکلوں اور 64 گاڑیوں کو چیک کیا گیا جبکہ جانچ پڑتال کیلئے چار مشکوک افراد اور 14 موٹر سائیکلوں کو مختلف تھانہ جات منتقل بھی کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کیلئے مختلف علاقوں میں گرینڈ کومنگ اینڈ سرچ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

پنجاب میں شدید گرمی کے دوران لوڈشیڈنگ کا جن بے قابو، شہریوں کو مشکلات

بجلی کی مجموعی پیداوار میں کمی اور لیسکو کے خستہ حال ڈسٹری بیوشن سسٹم کو لوڈشیڈنگ کی بڑی وجوہات قرار دیا جارہا ہے

لوڈ مینجمنٹ کے نام پر وقفے وقفے سے جبری لوڈشیڈنگ جاری، ہر گھنٹے کے بعد ایک گھنٹے تک غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کی جارہی

لاہور (آئی این پی) شدید گرمی اور حبس کے دوران لاہور سمیت پنجاب بھر میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے شہریوں کی مشکلات میں اضافہ کر دیا، جبکہ لیسکو ریجن میں شام ہوتے ہی بدترین لوڈشیڈنگ کا سلسلہ شروع ہونے کی شکایات سامنے آرہی ہیں۔ ذرائع کے مطابق ایک جانب بجلی کی لوڈشیڈنگ جاری ہے تو دوسری جانب مختلف علاقوں میں تکنیکی خرابیوں کے باعث بھی شہریوں کو طویل دورانیے تک بجلی کی فراہمی معطل رہنے کا سامنا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ایل این جی کی عدم دستیابی کے باعث بجلی کی پیداوار میں کمی ہوئی ہے، جبکہ بجلی کی مجموعی پیداوار میں کمی اور لیسکو کے خستہ حال ڈسٹری بیوشن سسٹم کو لوڈشیڈنگ کی بڑی وجوہات قرار دیا جارہا ہے۔ شہر کے مختلف علاقوں میں لوڈ مینجمنٹ کے نام پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

باہر بھجوانے کا جھانسہ دیکر نوسر باز نے شہری کو لوٹ لیا

راجہ محسن ریلوے کا ملازم اور سب ایجنسی کے نام پر لوگوں سے نوسربازی کرتا ہے، متاثرہ شہری

گوجرخان (بیورو رپورٹ) گوجرخان غریب شہری نوسربازی کے باعث زندگی کی تمام جمع پونجی گنوا بیٹھا، بیٹے کو سعودیہ مزدوری پر بھیجنا تھا مگر نوسرباز پیسے اور کاغذات دونوں لے کر غائب ہو گیا، راجہ محسن نامی شخص ریلوے کا ملازم اور سب ایجنٹی کے نام پر لوگوں سے نوسربازی کرتا ہے، شہری محمد ذاکر نے ایف آئی اے کو دادرسی کیلئے درخواست دے دی، حکام بالا سے فوری کارروائی کا مطالبہ، تفصیلات کے مطابق گوجرخان کے رہائشی محمد ذاکر نے ڈائریکٹر ایف آئی اے راولپنڈی کو درخواست دی جس میں اس نے بتایا کہ اسکے بیٹے کو بغرض مزدوری وہ سعودی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)